# دعائے جوشن کبیر

بلدالامین ومصباح کفعمی میں مروی ہے کہ امام زین العابدینؑ نے اپنے والدگرامی سے اورانہوں نے اپنے والدامیر المومنینؑ سے اورانہوں نے حضرت رسولؐ سے روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ دعا جبرائیلؑ نے ایک جنگ کے دوران آنحضرتؐ کو پہنچائی اس وقت آپ نے بھاری بھرکم زرہ پہن رکھی تھی، جسکے بوجھ سے آپؐ کے جسم کو تکلیف ہورہی تھی۔ جبرائیلؑ نے عرض کی کہ یا محمد مصطفیٰؐ آپکارب آپکو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ یہ بھاری زرہ اتاردیں اور یہ دعا پڑھیں کہ یہ آپ کیلئے اور آپکی امت کیلئے حفظ وامان کی باعث ہے۔ پھراس دعا کے اورفضائل وفوائد بھی بتائے کہ جنکے ذکرکی یہاں گنجائش نہیں ہے۔ چنانچہ اس ضمن میں فرمایا کہ جوشخص اسے کفن پر لکھے تو خدا کی رحمت سے دور ہے کہ اسے جہنم میں جلائے۔ اور جوشخص رمضان المبارک کی پہلی رات، خلوص نیت کے ساتھ یہ دعا پڑھے تو اسکو شب قدر دیکھنا نصیب ہوگی اور خداوند عالم اسکی خاطر ستر ہزار فرشتے پیدا کرے گا جو تسبیح وتقدیس کریں گے کہ جسکا ثواب اسکو ملے گا۔ اسکی مزید فضیلت بھی بیان ہوئی ہے کہ جوشخص ماہ رمضان میں تین مرتبہ یہ دعا پڑھے تو خداتعالی اسکے جسم پر جہنم کی آگ حرام کردیگا، جنت اس کیلئے واجب قراردے گا اوردوفرشتے اس پر مقرر کردے گا جو گناہوں سے اسکی حفاظت کریں گے اوروہ زندگی بھرخدا کی امان میں رہے گا۔ اورروایت کے آخر میں ہے کہ امام حسینؑ نے فرمایا: میرے والدگرامی علی ابن ابی طالب ☆ نے مجھے اس دعا کو محفوظ کرنے کی وصیت فرمائی اور ہدایت کی کہ میں اسے انکے کفن پر لکھوں، اپنے اہلبیت کو اس کی تعلیم دوں اور انہیں اسکے پڑھنے کی ترغیب دلاؤں۔ یہ ہزاراسم ہیں کہ انہیں میں اسم اعظم ہے۔ مؤلف کہتے ہیں کہ اس روایت سے دوباتیں معلوم ہوتی ہیں، ایک یہ کہ اس دعا کا کفن پر لکھنا مستحب ہے۔ جیسا

urdu.duas.org

کہ علامہ بحرالعلوم (خدا انکی قبر کو معطر فرمائے) نے اپنی کتاب درّہ میں اسکی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَسُنَّ أَنْ يَكْتُبَ بِالْاَكْفانِ شَهادَةُ الْإِسْلامِ وَالْإِيمَانِ

سنت ہے کہ میت کے کفن پر لکھا جائے ، اسلام اور ایمان کی شھادت

وَهكَذا كِتابَةُ الْقُرْآنِ وَالْجَوْشَنِ الْمَنْعُوتِ بِالْاَمَانِ

اسی طرح قرآن کریم بھی لکھا جائے اور دعا جوشن کو لکھا جائے جو وسیلہ حفظ وامان ہے

دوسری یہ کہ اس دعا کو آغاز ماہ رمضان میں پڑھنا مستحب ہے، لیکن اس کا شب قدر میں پڑھنے کے بارے میں مذکورہ روایت میں کوئی تذکرہ نہیں ہے۔ تاہم علامہ مجلسیؒ نے زاد المعاد میں شب قدر کے اعمال میں اسکا ذکر کیا ہے۔ اور بعض روایات میں ہے کہ دعا جوشن کبیر کو شب قدر کی تینوں راتوں میں پڑھا جائے اور ہمارے لئے اس مقام پر بزرگوار کا فرمان ہی کافی ہے (اللہ انہیں دارالاسلام میں داخل کرے)۔ خلاصہ یہ کہ اس دعا کی ایک سو فصلیں ہیں اور ہر فصل میں اللہ تعالیٰ کے دس اسماء ہیں اور ضروری ہے کہ ہر فصل کے آخر میں کہیں:

سُبْحانَكَ يَا لاَإِلهَ إِلَّاأَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النَّارِيَارَبِّ.

تو پاک ہے اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریادرسوں کے فریادرس اے رب ہمیں آگ سے نجات عطا فرما۔

بلدالامین میں ہے کہ ہر فصل سے پہلے بِسْمِ الله کہیں اور ہر فصل کے بعد کہیں:

سُبْحانَكَ يَا لاَ إِلهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَخَلِّصْنا مِنَ النَّارِ

تو پاک ہے اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد رسوں کے فریاد رس رحمت فرما محمدؐ وآلؑ محمد پر اور ہمیں آگ سے نجات دے

يا رَبِّ، يَا ذَا الْجَلالِ وَالْإِكْرامِ، يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

اے رب، اے صاحب جلالت وبزرگی والے، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

## دعاء جوشن کبیر یہ ہے:

﴿١﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا اللهُ، يَا رَحْمنُ، يَا رَحِيمُ، يَا كَرِيمُ، يَا مُقِيمُ يَا عَظِيمُ يَا

اے معبود میں تجھ سے تیرے نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے اللہ اے بخشنے والے اے مہربان اے کرم کرنے والے اے ٹھہرنے والے

قَدِيمُ يَا عَلِيمُ يَا حَلِيمُ يَا حَكِيمُ سُبْحانَكَ يَا لاَ إِلهَ إِلَّا أَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النَّارِ

اے بڑائی والے اے سب سے پہلے اے علم والے اے بردبار اے حکمت والے۔ تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریادرس فریادرس

يَا رَبِّ ﴿٢﴾ يَا سَيِّدَ السَّاداتِ يَا مُجِيبَ الدَّعَواتِ، يَا رَافِعَ الدَّرَجاتِ يَا وَلِيَّ الْحَسَناتِ،

ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار اے سرداروں کے سردار اے دعائیں قبول کرنے والے اے درجات بلند کرنے والے

يَـا غَافِرَ الْخَطِيئاتِ، يَا مُعْطِيَ الْمَسْأَلاتِ، يَا قابِلَ التَّوْباتِ، يَا سَامِعَ الْاَصْواتِ، يَا عَالِمَ الْخَفِيّاتِ،

اے نیکیوں میں مدد دینے والے اے گناہوں کے بخشنے والے اے حاجات پوری کرنے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے آوازوں کے

يَـا دَافِعَ الْبَلِيّاتِ ﴿۳﴾ يَا خَيْرَ الْغافِرِينَ، يَا خَيْرَ الْفاتِحِينَ، يَا خَيْرَ النَّاصِرِينَ يَا خَيْرَ الْحاكِمِينَ يَا

سننے والے اے چھپی چیزوں کے جاننے والے اے بلائیں دور کرنے والے اے بخشنے والوں میں بہتر اے فتح کرنے والوں میں بہتر اے مدد

خَيْـرَ الـرَّازِقِينَ يَا خَيْرَ الْوَارِثِينَ يَا خَيْرَ الْحَامِدِينَ، يَا خَيْرَ الذَّاكِرِينَ يَا خَيْرَ الْمُنْزِلِينَ، يَا خَيْرَ

کرنے والوں میں بہتر اے حاکموں میں بہتر اے رزق دینے والوں میں بہتر اے وارثوں میں بہتر اے تعریف کرنے والوں میں بہتر اے ذکر کرنے

الْـمُحْسِـنِيـنَ، ﴿۴﴾ يَـا مَنْ لَهُ الْعِزَّةُ وَالْجَمالُ، يَا مَنْ لَهُ الْقُدْرَةُ وَالْكَمالُ، يَا مَنْ لَهُ الْمُلْكُ

والوں میں بہتر اے میز بانوں میں بہتر اے احسان کرنے والوں میں بہتر۔ اے وہ جس کیلئے عزت اور جمال ہے اے وہ جس کے لیے قدرت اور کمال

وَالْـجَـلالُ، يَـا مَنْ هُوَ الْكَبِيرُ الْمُتَعالِ، يَا مُنْشِئَ السَّحابِ الثِّقالِ، يَا مَنْ هُوَ شَدِيدُ الْمِحالِ، يَا

ہے اے وہ جسکے لیے ملک اور جلال ہے اے وہ جو بڑائی والا بلندتر ہے اے بھرے بادلوں کے پیدا کرنے والے اے وہ جو بہت زیادہ قوت والا ہے اے وہ

مَـنْ هُـوَ سَرِيعُ الْحِسابِ، يَا مَنْ هُوَ شَدِيدُ الْعِقابِ، يَا مَنْ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوابِ، يَا مَنْ عِنْدَهُ أُمُّ

جو تیز تر حساب کرنے والا ہے اے وہ جو سخت عذاب دینے والا ہے اے وہ جسکے ہاں بہترین ثواب ہے اے وہ جسکے پاس لوح محفوظ ہے۔اے معبود! تجھ

الْـكِتـابِ ﴿۵﴾اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا حَنَّانُ، يَا مَنَّانُ، يَا دَيَّانُ، يَا بُرْهانُ، يَا سُلْطانُ،

سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے محبت والے اے احسان کرنیوالے اے بدلہ دینے والے اے دلیل روشن اے صاحب سلطنت اے

يَـا رِضْوانُ، يَا غُفْرانُ، يَا سُبْحانُ، يَا مُسْتَعانُ، يَا ذَا الْمَنِّ وَالْبَيانِ ﴿۶﴾ يَا مَنْ تَواضَعَ كُلُّ شَيْءٍ

راضی ہونے والے اے بخشنے والے اے پاکیزگی والے اے مدد کرنے والے اے صاحب احسان وبیان۔ اے وہ جس کی عظمت کے آگے سب چیزیں

لِعَـظَـمَتِـهِ، يَـا مَـنِ اسْتَسْـلَـمَ كُلُّ شَيْءٍ لِقُدْرَتِهِ، يَا مَنْ ذَلَّ كُلُّ شَيْءٍ لِعِزَّتِهِ، يَا مَنْ خَضَعَ كُلُّ

جھکی ہوئی ہیں اے وہ جسکی قدرت کے سامنے ہر شے سرنگوں ہے اے وہ جسکی بڑائی کے سامنے ہر چیز پست ہے اے وہ جسکے خوف سے ہر چیز

شَـيْءٍ لِهَيْبَتِهِ، يَا مَنِ انْقادَ كُلُّ شَيْءٍ مِنْ خَشْيَتِهِ، يَا مَنْ تَشَقَّقَتِ الْجِبالُ مِنْ مَخافَتِهِ، يَا مَنْ قامَتِ

دبی ہوئی ہے اے وہ جسکے ڈر سے ہر چیز فرمانبردار بنی ہوئی اے وہ جسکے خوف سے پہاڑ پھٹ جاتے ہیں اے وہ جسکے

السَّـمَـاوَاتُ بِأَمْرِهِ يَا مَنِ اسْتَقَرَّتِ الْاَرَضُونَ بِإِذْنِهِ، يَا مَنْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ، يَامَنْ لاَ يَعْتَدِی

حکم سے آسمان کھڑے ہیں اے وہ جسکے اذن سے زمینیں ٹھہری ہوئی ہیں اے وہ کہ کڑکتی بجلی جسکی تسبیح خواں ہے اے

عَـلـى أَهْلِ مَمْلَكَتِهِ ﴿۷﴾ يَا غافِرَ الْخَطايا يَا كاشِفَ الْبَلايا يَا مُنْتَهَى الرَّجايَا يَا مُجْزِلَ الْعَطايَا،

وہ جو اپنے زیر حکومت لوگوں پر ظلم نہیں کرتا اے گناہوں کے بخشنے والے اے بلائیں دور کرنے والے اے امیدوں کے آخری مقام

urdu.duas.org

يَـا واهِـبَ الْهَدايَا، يَا رازِقَ الْبَرايا، يَا قَاضِىَ الْمَنايا، يَا سَامِعَ الشَّكَايا،يَا بَاعِثَ الْبَرايا يَا مُطْلِقَ

اے بہت عطاؤں والے اے تحفے عطا کرنے والے اے مخلوق کو رزق دینے والے اے تمنائیں پوری کرنے والے اے شکایتیں سننے والے

الْاُسـارى ﴿٨﴾ يَـا ذَا الْحَمْدِ وَالثَّناءِ، يَا ذَا الْفَخْرِ وَالْبَهاءِ، يَا ذَا الْمجْدِ وَالسَّناءِ، يَا ذَا الْعَهْدِ

اے مخلوق کو زندہ کرنے والے اے قیدیوں کو آزاد کرنے والے اے تعریف و ثناء کرنے والے اے فخر و خوبی والے اے

وَالْـوَفـاءِ، يَـا ذَا الْـعَـفْوِ وَالرِّضاءِ، يَا ذَا الْمَنِّ وَالْعَطَاءِ، يَا ذَا الْفَصْلِ وَالْقَضاءِ، يَا ذَا الْعِزِّ وَالْبَقاءِ،

بزرگی و بلندی والے اے عہد اور وفا والے اے معافی دینے والے اور راضی ہونے والے اے عطا و بخشش کرنے والے اے

يَـا ذَا الْـجُـودِ وَالسَّـخاءِ، يَا ذَا الاَلْاءِ وَالنَّعْمَاءِ ﴿٩﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مانِعُ،

فیصلے اور انصاف والے اے عزت اور بقاء والے اے عطاء وسخاوت والے اے رحمتوں اور نعمتوں والیاے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

يَـا دافِـعُ، يَـا رافِعُ، يَا صانِعُ، يَا نافِعُ، يَا سامِعُ، يَا جامِعُ، يَا شافِعُ، يَا واسِعُ، يَا مُوسِعُ ﴿١٠﴾

تیرے نام کے واسطے سے اے روکنے والے اے ہٹانے والے اے بلند کرنے والے اے بنانے والے اے نفع والے اے سننے والے اے جمع کرنے

يَـا صـانِـعَ كُـلِّ مَـصْنُوعٍ، يَا خالِقَ كُلِّ مَخْلُوقٍ يَا رازِقَ كُلِّ مَرْزُوقٍ يَا مالِكَ كُلِّ مَمْلُوكٍ

والے اے شفاعت کرنے والے اے کشادگی والے اے وسعت دینے والے اے ہر مصنوع کے صانع اے ہر مخلوق کے خالق اے ہر رزق پانے والے

يَـا كَـاشِفَ كُـلِّ مَـكْـرُوبٍ يَا فَارِجَ كُلِّ مَهْمُومٍ، يَا رَاحِمَ كُلِّ مَرْحُومٍ، يَا نَاصِرَ كُلِّ مَخْذُولٍ،

کے رازق اے ہر مملوک کے مالک اے ہر دکھی کا دکھ دور کرنے والے اے ہر پریشان کی پریشانی مٹانے والے اے ہر رحم کیے گئے پر رحم کرنے والے

يَـا سَـاتِرَ كُلِّ مَعْيُوبٍ، يَا مَلْجَأَ كُلِّ مَطْرُودٍ ﴿١١﴾ يَا عُدَّتِى عِنْدَ شِدَّتِى، يَا رَجَائِى عِنْدَ مُصِيبَتِى،

اے ہر بے سہار کے مددگار اے ہر برائی پر پردہ ڈالنے والے اے ہر راندے گئے کی پناہ گاہ۔ اے سختی کے وقت میرے سرمایہ اے مصیبت میں میری

يَـا مُؤْنِسِـى عِنْدَ وَحْشَتِى، يَا صَاحِبِى عِنْدَ غُرْبَتِى، يَا وَلِيِّى عِنْدَ نِعْمَتِى، يَا غِياثِى عِنْد كُرْبَتِى،

امید گاہ اے وحشت کے وقت میرے ہمدم اے میری تنہائی میں میرے ساتھی اے نعمت میں میری کفالت کرنے والے اے دکھ درد میں میرے مددگار

يَـا دَلِيـلِى عِنْدَ حَيْرَتِى، يَا غَنائِى عِنْدَ افْتِقارِى، يَا مَلْجَيِى عِنْدَ اضْطِرارِى، يَا مُعِينِى عِنْدَ مَفْزَعِى

اے حیرت کے وقت میرے رہنما اے محتاجی کے وقت میرے سرمایہ اے برقراری کے وقت میری پناہ گاہ اے فریاد کے وقت

﴿١٢﴾ يَـا عَلَّامَ الْـغُيُـوبِ يَـا غَـفَّـارَ الـذُّنُوبِ يَا سَتَّارَ الْعُيُوبِ يَا كَاشِفَ الْكُرُوبِ يَا مُقَلِّبَ

میرے مددگار۔ اے ہر غیب کے جاننے والے اے گناہوں کے بخشنے والے اے عیبوں کے چھپانے والے اے مصیبتیں دور کرنے والے

الْـقُـلُـوبِ يَـا طَبِيـبَ الْـقُـلُوبِ يَا مُنَوِّرَ الْقُلُوبِ يَا أَنِيسَ الْقُلُوبِ، يَا مُفَرِّجَ الْهُمُومِ، يَا مُنَفِّسَ

اے دلوں کو پلٹنے والے اے دلوں کے معالج اے دلوں کے روشن کرنے والے اے دلوں کے ہمدم اے غموں کی گرہ کھولنے والے

الْغُمُومِ ﴿۱۳﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ یَا جَلِیلُ، یَا جَمِیلُ، یَا وَکِیلُ، یَا کَفِیلُ، یَا
اے غموں کو دور کرنے والے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے اے جلال والے اے جمال والے اے کارساز
دَلِیلُ، یَا قَبِیلُ، یَا مُدِیلُ، یَا مُنِیلُ، یَا مُقِیلُ، یَا مُحِیلُ ﴿۱۴﴾ یَا دَلِیلَ الْمُتَحَیِّرِینَ، یَا غِیاثَ
اے سرپرست اے رہنما اے قبول کرنے والے اے رواں کرنے والے اے بخشنے والے اے معاف کرنے والے اے جگہ دینے والے اے سرگردانوں
الْمُسْتَغِیثِینَ، یَا صَرِیخَ الْمُسْتَصْرِخِینَ، یَا جارَ الْمُسْتَجِیرِینَ، یَا أَمانَ الْخائِفِینَ، یَا عَوْنَ
کے رہنما اے پکارنے والوں کی مدد کرنے والے اے فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے اے پناہ طلب کرنے والوں کی پناہ
الْمُؤْمِنِینَ، یَا راحِمَ الْمَساکِینَ، یَا مَلْجَأَ الْعاصِینَ، یَا غافِرَ الْمُذْنِبِینَ یَا مُجِیبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّینَ
اے ڈرنے والوں کی ڈھارس اے مومنوں کے مددگار اے بے چاروں پر رحم کرنے والے اے گنہگاروں کی پناہ اے خطاکاروں
﴿۱۵﴾ یَا ذَا الْجُودِ وَالْإِحْسانِ یَا ذَا الْفَضْلِ وَالْإِمْتِنانِ یَا ذَا الْأَمْنِ وَالْأَمانِ یَا ذَا الْقُدْسِ
کے بخشنے والے اے بے قراروں کی دعا قبول کرنے والے اے صاحب جود و احسان اے صاحب فضل و منت
وَالسُّبْحانِ یَا ذَا الْحِکْمَةِ وَالْبَیانِ یَا ذَا الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوانِ یَا ذَا الْحُجَّةِ وَالْبُرْهانِ یَا ذَا
اے صاحب امن و امان اے طہارت و پاکیزگی والے اے حکمت و بیان والے اے رحمت و رضا والے
الْعَظَمَةِ وَالسُّلْطانِ یَا ذَا الرَّأْفَةِ وَالْمُسْتَعانِ یَا ذَا الْعَفْوِ وَالْغُفْرانِ ﴿۱۶﴾ یَا مَنْ هُوَ رَبُّ کُلِّ
اے حجت اور روشن دلیل والے اے عظمت و سلطنت والے اے مہربانی کرنے اور مدد دینے والے اے معافی دینے اور بخشنے والے۔
شَیْءٍ یَا مَنْ هُوَ إِلٰهُ کُلِّ شَیْءٍ یَا مَنْ هُوَ خالِقُ کُلِّ شَیْءٍ یَا مَنْ هُوَ صانِعُ کُلِّ شَیْءٍ، یَا مَنْ هُوَ
اے وہ جو ہر چیز کا پروردگار ہے اے وہ جو ہر شے کا معبود ہے اے وہ جو ہر چیز کا خالق ہے اے وہ جو ہر چیز کا
قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ، یَا مَنْ هُوَ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ، یَا مَنْ هُوَ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ، یَا مَنْ هُوَ عالِمٌ بِکُلِّ شَیْءٍ
بنانے والا ہے اے وہ جو ہر شے سے پہلے تھا اے وہ جو ہر شے کے بعد رہے گا اے وہ جو ہر شے سے بلند ہے
یَا مَنْ هُوَ قادِرٌ عَلیٰ کُلِّ شَیْءٍ یَا مَنْ هُوَ یَبْقیٰ وَیَفْنیٰ کُلُّ شَیْءٍ ﴿۱۷﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَسْأَلُکَ
اے وہ جو ہر چیز کا جاننے والا ہے اے وہ جو ہر چیز پر قادر ہے اے وہ جو باقی رہے گا جب ہر چیز فنا ہو جائے گی۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا
بِاسْمِکَ یَا مُؤْمِنُ، یَا مُهَیْمِنُ، یَا مُکَوِّنُ، یَا مُلَقِّنُ، یَا مُبَیِّنُ، یَا مُهَوِّنُ، یَا مُمَکِّنُ، یَا مُزَیِّنُ، یَا
ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے امن دینے والے اے نگہبان اے کائنات بنانے والے اے تلقین کرنے والے اے ظاہر کرنے والے اے آسان
یَا مُعْلِنُ، یَا مُقَسِّمُ ﴿۱۸﴾ یَا مَنْ هُوَ فِی مُلْکِهِ مُقِیمٌ، یَا مَنْ هُوَ فِی سُلْطانِهِ قَدِیمٌ یَا مَنْ هُوَ فِی
کرنے والے اے قدرت دینے والے اے زینت دینے والے اے اعلان کرنے والے اے بانٹنے والے۔ اے وہ جو اپنے اقتدار پر میں پائیدار ہے

جَـلالِـهِ عَظِيمٌ يَا مَنْ هُوَ عَلَى عِبادِهِ رَحِيمٌ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ عَصاهُ حَلِيمٌ يَا مَنْ
اے وہ جو اپنی سلطنت میں قدیم ہے اے وہ جو اپنی شان میں بلند تر ہے اے وہ جو اپنے بندوں پر مہربان ہے اے وہ جو ہر چیز کا جاننے
هُـوَ بِـمَـنْ رَجاهُ كَرِيمٌ يَا مَنْ هُوَ فِي صُنْعِهِ حَكِيمٌ، يَا مَنْ هُوَ فِي حِكْمَتِهِ لَطِيفٌ، يَا مَنْ هُوَ فِي لُطْفِهِ
والا ہے اے وہ جو نافرمان سے نرمی کرنے والا ہے اے وہ جو امیدوار پر کرم کرنے والا ہے اے وہ جو اپنی صنعت میں حکمت والا ہے اے وہ جو اپنی حکمت
قَـدِيـمٌ ﴿١٩﴾ يَـا مَـنْ لاَ يُرْجى إِلَّا فَضْلُهُ، يَا مَنْ لاَ يُسْأَلُ إِلَّا عَفْوُهُ، يَا مَنْ لاَ يُنْظَرُ إِلَّا بِرُّهُ، يَا مَنْ
میں باریک بین ہے اے وہ جس کا احسان قدیم ہے۔ اے وہ جس سے اس کے فضل کی امید کی جاتی ہے اے وہ جس کی بخشش کا سوال کیا جاتا ہے اے وہ
لاَ يُـخـافُ إِلَّا عَدْلُهُ، يَا مَنْ لاَ يَدُومُ إِلَّا مُلْكُهُ، يَا مَنْ لاَ سُلْطانَ إِلَّا سُلْطانُهُ، يَا مَنْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ
جس سے بھلائی کی آس ہے اے وہ جسکے عدل سے خوف آتا ہے اے وہ جسکی حکومت ہمیشہ رہے گی اے وہ جسکی سلطنت کے سوا کوئی سلطنت نہیں اے وہ
رَحْـمَتُـهُ، يَا مَنْ سَبَقَتْ رَحْمَتُهُ غَضَبَهُ يَا مَنْ أَحاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمُهُ، يَا مَنْ لَيْسَ أَحَدٌ مِثْلُهُ ﴿٢٠﴾
جسکی رحمت ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اے وہ جسکی رحمت اسکے غضب سے آگے ہے اے وہ جسکا علم ہر چیز پر حاوی ہے اے وہ کہ جس جیسا کوئی نہیں ہے۔
يَـا فـارِجَ الْهَـمِّ، يَـا كَـاشِفَ الْـغَمِّ، يَا غَافِرَ الذَّنْبِ، يَا قَابِلَ التَّوْبِ، يَا خَالِقَ الْخَلْقِ، يَا صَادِقَ
اے اندیشے ہٹا دینے والے اے غم دور کرنے والے اے گناہ معاف کرنے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے مخلوقات کے خالق اے وعدے
الْـوَعْـدِ يَـا مُـوفِـيَ الْـعَهْـدِ، يَا عَالِمَ السِّرِّ، يَا فَالِقَ الْحَبِّ، يَا رَازِقَ الْأَنامِ. ﴿٢١﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي
میں سچے اے عہد پورا کرنے والے اے راز کے جاننے والے اے دانے کو چیرنے والے اے لوگوں کے رازق۔ اے معبود میں تجھ سے تیرے
أَسْأَلُكَ بِـاسْـمِكَ يَـا عَـلِـيُّ يَـا وَفِيُّ، يَا غَنِيُّ، يَا مَلِيُّ، يَا حَفِيُّ، يَا رَضِيُّ، يَا زَكِيُّ، يَا بَدِيُّ،
نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے بلند اے وفادار اے بے نیاز اے مہربان اے احسان کرنے والے اے پسندیدہ اے پاکیزہ اے ابتدا کرنے والے
يَـا قَـوِيُّ يَـا وَلِـيُّ ﴿٢٢﴾ يَـا مَـنْ أَظْهَـرَ الْجَمِيلَ يَا مَنْ سَتَرَ الْقَبِيحَ يَا مَنْ لَمْ يُؤاخِذْ بِالْجَرِيرَةِ
اے قوت والے اے حاکم۔ اے وہ جس نے نیکی کو ظاہر کیا اے وہ جس نے بدی کو ڈھانپا اے وہ جس نے جرم پر گرفت نہیں فرمائی
يَـا مَـنْ لَـمْ يَهْتِكِ السِّتْـرَ، يَـا عَـظِـيـمَ الْـعَـفْوِ، يَا حَسَنَ التَّجاوُزِ، يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ، يَا بَاسِطَ
اے وہ جس نے پردہ فاش نہیں کیا اے بہت معاف کرنے والے اے بہترین درگزر کرنے والے اے وسیع مغفرت والے اے دونوں ہاتھوں
الْيَـدَيْـنِ بِـالـرَّحْـمَةِ يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوى يَا مُنْتَهى كُلِّ شَكْوى ﴿٢٣﴾ يَا ذَا النِّعْمَةِ السَّابِغَةِ
سے رحمت کرنے والے اے ہر سرگوشی کے مالک اے شکایت سننے والے۔ اے کامل نعمت کے مالک
يَـا ذَا الـرَّحْـمَةِ الْـواسِعَةِ، يَـا ذَا الْـمِـنَّةِ السَّابِقَةِ، يَا ذَا الْحِكْمَةِ الْبَالِغَةِ، يَا ذَا الْقُدْرَةِ الْكَامِلَةِ،
اے وسیع رحمت والے اے احسان میں پہل کرنے والے اے بھرپور حکمت والے اے کامل قدرت والے

يَا ذَا الْحُجَّةِ الْقَاطِعَةِ يَا ذَا الْكَرامَةِ الظَّاهِرَةِ يَا ذَا الْعِزَّةِ الدَّائِمَةِ، يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِينَةِ، يَا ذَا

اے قاطع دلیل والے اے کھلی سخاوت والے اے ہمیشہ کی عزت والے اے مضبوط قوت والے اے سب سے

الْعَظَمَةِ الْمَنِيعَةِ ﴿٢٤﴾ يَا بَدِيعَ السَّمَاواتِ يَا جَاعِلَ الظُّلُماتِ يَا رَاحِمَ الْعَبَراتِ يَا مُقِيلَ

زیادہ عظمت والے۔ اے آسمانوں کے بنانے والے اے تاریکیوں کو وجود میں لانے والے اے آنسوؤں پر رحم کرنے والے اے لغزشوں کے

الْعَثَراتِ، يَا سَاتِرَ الْعَوْراتِ، يَا مُحْيِيَ الْاَمْواتِ، يَا مُنْزِلَ الاَيَاتِ، يَا مُضَعِّفَ الْحَسَنَاتِ،

معاف کرنے والے اے عیبوں کے چھپانے والے اے مردوں کو زندہ کرنے والے اے آیات کے نازل کرنے والے اے نیکیوں کو دو چند کرنے والے

يَا مَاحِيَ السَّيِّئاتِ، يَا شَدِيدَ النَّقِماتِ ﴿٢٥﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُصَوِّرُ،

اے گناہوں کے مٹانے والے اے سخت بدلہ لینے والے۔ اے معبود! میں تجھ سے تیرے ہی نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے صورت ساز

يَا مُقَدِّرُ يَا مُدَبِّرُ يَا مُطَهِّرُ يَا مُنَوِّرُ يَا مُيَسِّرُ، يَا مُبَشِّرُ، يَا مُنْذِرُ، يَا مُقَدِّمُ، يَا مُؤَخِّرُ ﴿٢٦﴾

اے تقدیر بنانے والے اے تدبیر کرنے والے اے پاک کرنے والے اے روشن کرنے والے اے آسان کرنے والے اے بشارت دینے والے اے

يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرامِ يَا رَبَّ الشَّهْرِ الْحَرامِ يَا رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرامِ، يَا رَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقامِ

سب سے پہلے اے سب سے آخری اے مقدس گھر کے رب اے مقدس مہینے کے رب اے مقدس شہر کے رب اے رکن و مقام کے رب

يَا رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرامِ يَا رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرامِ يَا رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرامِ يَا رَبَّ النُّورِ وَالظَّلامِ

اے معشر الحرام کے رب اے مسجد الحرام کے رب اے حلال و حرام کے رب اے روشنی و تاریکی کے رب

يَا رَبَّ التَّحِيَّةِ وَالسَّلامِ يَا رَبَّ الْقُدْرَةِ فِي الْاَنامِ. ﴿٢٧﴾ يَا أَحْكَمَ الْحاكِمِينَ، يَا أَعْدَلَ

اے درود و سلام کے رب اے لوگوں میں زیادہ توانائی پیدا کرنے والے۔ اے حاکموں میں بڑے حاکم اے عادلوں میں

الْعادِلِينَ يَا أَصْدَقَ الصَّادِقِينَ يَا أَطْهَرَ الطَّاهِرِينَ يَا أَحْسَنَ الْخالِقِينَ يَا أَسْرَعَ الْحاسِبِينَ

زیادہ عادل اے سچوں میں زیادہ سچے اے پاکوں میں پاک تر اے خالقوں میں بہترین خالق اے حساب کرنے والوں میں زیادہ تیز اے سننے

يَا أَسْمَعَ السَّامِعِينَ، يَا أَبْصَرَ النَّاظِرِينَ، يَا أَشْفَعَ الشَّافِعِينَ، يَا أَكْرَمَ الْاَكْرَمِينَ. ﴿٢٨﴾

والوں میں زیادہ سننے والے اے دیکھنے والوں میں زیادہ دیکھنے والے اے شفاعت کرنے والوں میں بڑے شفیع اے بزرگی والوں میں بڑے بزرگ۔

يَا عِمادَ مَنْ لا عِمادَ لَهُ، يَا سَنَدَ مَنْ لا سَنَدَ لَهُ، يَا ذُخْرَ مَنْ لا ذُخْرَ لَهُ، يَا حِرْزَ مَنْ لا حِرْزَ لَهُ،

اے اسکا آسرا جسکا کوئی آسرا نہیں اے اسکے سہارے جسکا کوئی سہارا نہیں اے اسکے سرمایہ جسکا کوئی سرمایہ نہیں اے اسکی پناہ جسکی کوئی

يَا غِياثَ مَنْ لا غِياثَ لَهُ، يَا فَخْرَ مَنْ لا فَخْرَ لَهُ، يَا عِزَّ مَنْ لا عِزَّ لَهُ، يَا مُعِينَ مَنْ لا مُعِينَ لَهُ يَا

پناہ نہیں اے اسکے فریاد رس جسکا کوئی فریاد رس نہیں اے اسکی بڑائی جسکا کوئی فخر نہیں اے اسکی عزت جس کیلئے عزت نہیں اے اسکے مددگار

urdu.duas.org

أَنِيسَ مَنْ لاَ أَنِيسَ لَهُ يَا أَمانَ مَنْ لاَ أَمانَ لَهُ ﴿٢٩﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا عَاصِمُ،
جسکا کوئی مددگار نہیں اے اسکے ساتھی جسکا کوئی ساتھی نہیں اے اسکی پناہ جسکی کوئی پناہ نہیں ۔اے معبود میں تجھ سے تیرے نام کیواسطے سے سوال کرتا ہوں اے

يَا قَائِمُ، يَا دائِمُ، يَا راحِمُ، يَا سالِمُ، يَا حاكِمُ، يَا عالِمُ، يَا قاسِمُ، يَا قابِضُ، يَا باسِطُ . ﴿٣٠﴾
پناہ دینے والے اے پائیدار اے ہیشگی والے اے رحم کرنے والے اے بے عیب اے حکومت کے مالک اے علم والے اے تقسیم کرنے والے اے

يَاعَاصِمَ مَنِ اسْتَعْصَمَهُ، يَا راحِمَ مَنِ اسْتَرْحَمَهُ، يَا غافِرَ مَنِ اسْتَغْفَرَهُ، يَا ناصِرَ مَنِ اسْتَنْصَرَهُ،
بند کرنے والے اے کھولنے والے۔اے اسکے نگہدار جونگہداری چاہے اے اس پر رحم کرنے والے جو رحم کا طالب ہوا اے اسکے بخشنے والے جو طالبِ بخشش

يَاحَافِظَ مَنِ اسْتَحْفَظَهُ، يَا مُكْرِمَ مَنِ اسْتَكْرَمَهُ، يَا مُرْشِدَ مَنِ اسْتَرْشَدَهُ يَا صَرِيخَ مَنِ اسْتَصْرَخَهُ
ہوا اے اسکی نصرت کرنے والے جو نصرت چاہے اے اسکی حفاظت کرنے والے جو حفاظت چاہے اے اسکو بڑائی دینے والے جو بڑائی طلب کرے

يَا مُعِينَ مَنِ اسْتَعانَهُ يَا مُغِيثَ مَنِ اسْتَغاثَهُ ﴿٣١﴾يَا عَزِيزاً لاَ يُضامُ، يَا لَطِيفاً لاَ يُرامُ، يَا قَيُّوماً
اے اسکی رہنمائی کرنے والے جو رہنمائی چاہے اے اسکے دادرس جو دادرسی چاہے اے اسکے مددگار جو مدد طلب کرے اے اسکے فریادرس جو فریاد کرے۔

لاَ يَنامُ، يَا دائِماً لاَ يَفُوتُ، يَا حَيّاً لاَ يَمُوتُ، يَا مَلِكاً لاَ يَزُولُ يَا باقِياً لاَ يَفْنى يَا عالِماً لاَ يَجْهَلُ
اے وہ غالب جو ظلم نہیں کرتا اے وہ باریک جو نظر انداز نہیں ہوتا اے وہ نگہبان جو سوتا نہیں اے وہ جاوداں جو مرتا نہیں اے وہ زندہ جسے موت نہیں

يَا صَمَداً لاَ يُطْعَمُ يَا قَوِيّاً لاَ يَضْعُفُ﴿٣٢﴾اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا أَحَدُ، يَا واحِدُ،
اے وہ بادشاہ جسے زوال نہیں اے وہ باقی جو فانی نہیں اے وہ عالم جس میں جہل نہیں اے وہ بے نیاز جو کھاتا نہیں اے وہ قوی جسے ضعف نہیں۔

يَا شاهِدُ، يَا ماجِدُ، يَا حامِدُ، يَا راشِدُ، يَا باعِثُ يَا وارِثُ يَا ضارُّ يَا نافِعُ ﴿٣٣﴾ يَا أَعْظَمَ مِنْ
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے یکتا اے یگانہ اے حاضر اے بزرگوار اے تعریف والے اے رہنما

كُلِّ عَظِيمٍ يَا أَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِيمٍ يَا أَرْحَمَ مِنْ كُلِّ رَحِيمٍ يَا أَعْلَمَ مِنْ كُلِّ عَلِيمٍ يَا أَحْكَمَ مِنْ
اے اٹھانے والے اے وارث اے خسارہ دینے والے اے نفع دینے والے۔ اے سب بڑوں سے بڑے اے سب بزرگوں سے بزرگ تر

كُلِّ حَكِيمٍ يَا أَقْدَمَ مِنْ كُلِّ قَدِيمٍ يَا أَكْبَرَ مِنْ كُلِّ كَبِيرٍ يَا أَلْطَفَ مِنْ كُلِّ لَطِيفٍ يَا أَجَلَّ مِن كُلِّ
اے سب مہربانوں سے مہربان اے ہر عالم سے بڑے عالم اے ہر حکیم سے بڑے حکیم اے ہر قدیم سے قدیم تر اے ہر بزرگ سے بزرگ تر اے ہر

جَلِيلٍ يَا أَعَزَّ مِنْ كُلِّ عَزِيزٍ﴿٣٤﴾ يَا كَرِيمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيمَ الْمَنِّ يَا كَثِيرَ الْخَيْرِ، يَا قَدِيمَ
لطیف سے زیادہ لطیف اے ہر جلال والے سے زیادہ جلال والے اے ہر زبردست سے زیادہ زبردست۔اے بہتر درگزر کرنے والے اے بڑے احسان

الْفَضْلِ،يَا دائِمَ اللُّطْفِ،يَا لَطِيفَ الصُّنْعِ يَا مُنَفِّسَ الْكَرْبِ يَا كاشِفَ الضُّرِّ،يَا مالِكَ الْمُلْكِ،
والے اے زیادہ خیر والے اے قدیم فضل والے اے ہمیشہ کے لطف والے اے خوبصورت صنعت والے اے سختی دور کرنے والے اے دکھ دور کرنے

يَا قاضِيَ الْحَقِّ ﴿٣٥﴾ يَا مَنْ هُوَ فِي عَهْدِهِ وَفِيٌّ، يَا مَنْ هُوَ فِي وَفائِهِ قَوِيٌّ، يَا مَنْ هُوَ فِي قُوَّتِهِ

والے اے ہر ملک کے مالک اے حق کا فیصلہ دینے والے۔اے وہ جو اپنے عہد کو پورا کرنے والا ہے اے وہ جو اپنی وفا میں قوی ہے اے وہ جو اپنی قوت

عَلِيٌّ، يَا مَنْ هُوَ فِي عُلُوِّهِ قَرِيبٌ يَا مَنْ هُوَ فِي قُرْبِهِ لَطِيفٌ يَا مَنْ هُوَ فِي لُطْفِهِ شَرِيفٌ يَا مَنْ

میں بلند ہے اے وہ جو اپنی بلندی میں قریب ہے اے وہ جو اپنے قرب میں مہربان ہے اے وہ جو اپنے لطف میں کریم ہے اے وہ جو اپنی کرم میں عزت

هُوَ فِي شَرَفِهِ عَزِيزٌ يَا مَنْ هُوَ فِي عِزِّهِ عَظِيمٌ يَا مَنْ هُوَ فِي عَظَمَتِهِ مَجِيدٌ يَا مَنْ هُوَ فِي مَجْدِهِ

دار ہے اے وہ جو اپنی عزت میں عظیم ہے اے وہ جو اپنی عظمت میں بلند مرتبہ ہے اے وہ جو اپنے مرتبے میں تعریف والا ہے اے معبود! میں تجھ سے سوال

حَمِيدٌ ﴿٣٦﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا كافِي، يَا شافِي، يَا وافِي، يَا مُعافِي، يَاهادِي،

کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے کفایت کرنے والے اے شفا دینے والے اے وفادار اے عافیت دینے والے اے ہدایت دینے والے اے بلانے

يَا داعِي، يَا قاضِي، يَا راضِي، يَا عالِي، يَا باقِي ﴿٣٧﴾ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خاضِعٌ لَهُ يَا مَنْ كُلُّ

والے اے فیصلے کرنے والے اے خوشنودی والے اے بلندی والے اے باقی رہنے والے۔اے وہ جسکے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے اے وہ جسکے آگے ہر

شَيْءٍ خاشِعٌ لَهُ، يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ كائِنٌ لَهُ، يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ مَوْجُودٌ بِهِ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ مُنِيبٌ

چیز خوف زدہ ہے اے وہ جس سے ہر چیز کو وجود ملا ہے اے وہ جسکے ذریعے ہر چیز موجود ہوئی ہے اے وہ جسکی طرف ہر چیز کی بازگشت ہے اے وہ جس سے

إِلَيْهِ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خائِفٌ مِنْهُ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ قائِمٌ بِهِ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ صائِرٌ إِلَيْهِ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ

ہر چیز ڈرتی ہے اے وہ جسکے ذریعے ہر چیز باقی ہے اے وہ جسکی طرف ہر چیز لوٹتی ہے اے وہ کہ ہر چیز جسکی حمد میں مصروف ہے اے وہ کہ جسکے جلوے کے سوا

يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ هالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ ﴿٣٨﴾ يَا مَنْ لا مَفَرَّ إِلَّا إِلَيْهِ يَا مَنْ لا مَفْزَعَ

ہر چیز ناپید ہو جائے گی۔اے وہ جسکے سوا کوئی جائے فرار نہیں ہے اے وہ جسکے سوا کوئی جائے پناہ نہیں اے وہ جسکے سوا کوئی منزلِ مقصود نہیں اے وہ جسکے علاوہ

إِلَّا إِلَيْهِ يَا مَنْ لا مَقْصَدَ إِلَّا إِلَيْهِ يَا مَنْ لا مَنْجَىً مِنْهُ إِلَّا إِلَيْهِ، يَا مَنْ لا يُرْغَبُ إِلَّا إِلَيْهِ، يَا مَنْ لا حَوْلَ

کوئی جائے نجات نہیں اے وہ جسکے بغیر کسی شئی میں رغبت نہیں ہو سکتی اے وہ کہ نہیں ہے طاقت وقوت مگر اسی سے اے وہ جسکے سوا کہیں سے مدد نہیں مل سکتی

وَلا قُوَّةَ إِلَّا بِهِ، يَا مَنْ لا يُسْتَعانُ إِلَّا بِهِ، يَا مَنْ لا يُتَوَكَّلُ إِلَّا عَلَيْهِ يَا مَنْ لا يُرْجى إِلَّا هُوَ يَا مَنْ لا

اے وہ جسکے سوا کسی پر بھروسہ نہیں ہو سکتا اے وہ جسکے سوا کسی سے امید نہیں ہو سکتی اے وہ جسکے سوا کسی کی عبادت نہیں ہو سکتی۔اے بہترین ذات جس سے ڈرا

يُعْبَدُ إِلَّا هُوَ ﴿٣٩﴾ يَا خَيْرَ الْمَرْهُوبِينَ يَا خَيْرَ الْمَرْغُوبِينَ، يَا خَيْرَ الْمَطْلُوبِينَ، يَا خَيْرَ

جائے اے بہترین لبھانے والے اے بہترین طلب کیے جانے والے اے بہترین سوال کیے جانے والے اے بہترین قصد کیے جانے والے اے بہترین

الْمَسْؤُولِينَ، يَا خَيْرَ الْمَقْصُودِينَ يَا خَيْرَ الْمَذْكُورِينَ يَا خَيْرَ الْمَشْكُورِينَ يَا خَيْرَ الْمَحْبُوبِينَ

ذکر کیے جانے والے اے بہترین شکر کیے جانے والے اے بہترین محبت کیے جانے والے اے بہترین پکارے جانے والے اے بہترین مانوس کیے

urdu.duas.org

يَا خَيْرَ الْمَدْعُوِّينَ يَا خَيْرَ الْمُسْتَأْنِسِينَ ﴿۴۰﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا غافِرُ يَا ساتِرُ

جانے والے۔اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے معاف کرنے والے اے چھپانے والے اے قدرت والے اے غلبے والے اے

يَا قادِرُ يَا قاهِرُ يَا فاطِرُ يَا كاسِرُ يَا جابِرُ يَا ذاكِرُ، يَا ناظِرُ، يَا ناصِرُ ﴿۴۱﴾ يَا مَنْ خَلَقَ فَسَوَّى،

پیدا کرنیوالے اے توڑنے والے اے جوڑنے والے اے ذکر کرنیوالے اے دیکھنے والے اے مدد کرنے والے۔اے وہ جس نے پیدا کیا پھر درست کیا

يَا مَنْ قَدَّرَ فَهَدى، يَا مَنْ يَكْشِفُ الْبَلْوى ، يَا مَنْ يَسْمَعُ النَّجْوى، يَا مَنْ يُنْقِذُ الْغَرْقى،يَا مَنْ يُنْجِي

اے وہ جس نے تقدیر بنائی پھر ہدایت دی اے وہ جو بلائیں دور کرتا ہے اے وہ جو سرگوشیاں سنتا ہے اے وہ جو ڈوبنے والوں کو بچاتا ہے اے وہ جو ہلاکتوں

الْهَلْكى يَا مَنْ يَشْفِي الْمَرْضى يَا مَنْ أَضْحَكَ وَأَبْكى، يَا مَنْ أَماتَ وَأَحْيى يَا مَنْ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ

سے نجات دیتا ہے اے وہ جو مریضوں کو شفا دیتا ہے اے وہ جو ہنساتا اور رلاتا ہے اے وہ جو مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے

الذَّكَرَ وَالْأُنْثىٰ ﴿۴۲﴾ يَا مَنْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ سَبِيلُهُ يَا مَنْ فِي الْآفاقِ آياتُهُ يَا مَنْ فِي الْآياتِ

اے وہ جس نے نر اور مادہ جوڑے بنائے اے وہ جس نے خاک و آب میں راستے بنائے اے وہ جس نے فضا میں اپنی نشانیاں بنائیں اے وہ

بُرْهانُهُ،يَا مَنْ فِي الْمَماتِ قُدْرَتُهُ،يَا مَنْ فِي الْقُبُورِ عِبْرَتُهُ،يَا مَنْ فِي الْقِيامَةِ مُلْكُهُ، يَا مَنْ فِي الْحِسابِ

جسکی نشانیوں میں قوی دلیل ہے اے وہ کہ موت میں جسکی قدرت ظاہر ہے اے وہ جس نے قبروں میں عبرت رکھی ہے اے وہ کہ قیامت میں جسکی بادشاہت

هَيْبَتُهُ، يَا مَنْ فِي الْمِيزانِ قَضاؤُهُ، يَا مَنْ فِي الْجَنَّةِ ثَوابُهُ يَا مَنْ فِي النَّارِ عِقابُهُ ﴿۴۳﴾ يَا مَنْ إِلَيْهِ

ہے اے وہ کہ حساب میں جسکی ہیبت ہے اے وہ کہ میزان عمل میں جسکی منصفی ہے اے وہ کہ جس کیطرف سے ثواب جنت ہے اے وہ کہ جسکا عذاب

يَهْرَبُ الْخائِفُونَ، يَا مَنْ إِلَيْهِ يَفْزَعُ الْمُذْنِبُونَ يَا مَنْ إِلَيْهِ يَقْصِدُ الْمُنِيبُونَ يَا مَنْ إِلَيْهِ يَرْغَبُ

دوزخ ہے۔اے وہ کہ خوف زدہ جسکی طرف بھاگتے ہیں اے وہ کہ گنہگار جسکی پناہ لیتے ہیں اے وہ کہ توبہ کرنے والے جسکا قصد کرتے ہیں اے وہ کہ

الزَّاهِدُونَ يَا مَنْ إِلَيْهِ يَلْجَأُ الْمُتَحَيِّرُونَ يَا مَنْ بِهِ يَسْتَأْنِسُ الْمُرِيدُونَ يَا مَنْ بِهِ يَفْتَخِرُ الْمُحِبُّونَ

جسکی طرف پرہیزگار رغبت کرتے ہیں اے وہ کہ پریشان لوگ جسکی پناہ چاہتے ہیں اے وہ کہ ارادہ کرنے والے جس سے مانوس ہیں اے وہ کہ جس پر محبت

يَا مَنْ فِي عَفْوِهِ يَطْمَعُ الْخاطِئُونَ يَا مَنْ إِلَيْهِ يَسْكُنُ الْمُوقِنُونَ يَا مَنْ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ ﴿۴۴﴾

کرنے والے فخر کرتے ہیں اے وہ کہ خطا کار جسکے عفو کی خواہش رکھتے ہیں اے وہ جسکے ہاں یقین والے سکون پاتے ہیں اے وہ کہ توکل کرنے والے جس

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا حَبِيبُ يَا طَبِيبُ يَا قَرِيبُ يَا رَقِيبُ يَا حَسِيبُ يَا مُهِيبُ يَا مُثِيبُ

پر توکل کرتے ہیں۔اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے محبوب اے چارہ گر اے نزدیک تر اے نگہدار اے حساب رکھنے

يَا مُجِيبُ يَا خَبِيرُ يَا بَصِيرُ ﴿۴۵﴾ يَا أَقْرَبَ مِنْ كُلِّ قَرِيبٍ يَا أَحَبَّ مِنْ كُلِّ حَبِيبٍ يَا أَبْصَرَ مِنْ

والے اے ہیبت والے اے ثواب دینے والے اے دعا قبول کرنے والے اے باخبر اے بینا۔اے ہر قریب سے زیادہ قریب اے ہر محبّ سے زیادہ

urdu.duas.org

كُلِّ بَصِيرٍ يَا أَخْبَرَ مِنْ كُلِّ خَبِيرٍ يَا أَشْرَفَ مِنْ كُلِّ شَرِيفٍ يَا أَرْفَعَ مِنْ كُلِّ رَفِيعٍ يَا أَقْوى

محبت کرنے والے اے ہر دیکھنے والے سے زیادہ بینا اے ہر باخبر سے زیادہ خبر والے اے ہر بزرگ سے زیادہ بزرگ اے ہر بلند سے زیادہ بلند اے ہر توانا

مِنْ كُلِّ قَوِيٍّ يَا أَغْنى مِنْ كُلِّ غَنِيٍّ يَا أَجْوَدَ مِنْ كُلِّ جَوادٍ يَا أَرْأَفَ مِنْ كُلِّ رَؤُوفٍ ﴿۴٦﴾

سے زیادہ توانا اے ہر باثروت سے زیادہ باثروت اے ہر داتا سے زیادہ دینے والے اے ہر مہربان سے زیادہ مہربان۔

يَا غالِباً غَيْرَ مَغْلُوبٍ يَا صانِعاً غَيْرَ مَصْنُوعٍ يَا خالِقاً غَيْرَ مَخْلُوقٍ يَا مالِكاً غَيْرَ مَمْلُوكٍ

اے وہ غالب جس پر کوئی غالب نہیں اے وہ صانع جسے کسی نے نہیں بنایا اے وہ خالق جو خلق نہیں ہوا اے وہ مالک جسکا کوئی مالک نہیں

يَا قاهِراً غَيْرَ مَقْهُورٍ، يَا رافِعاً غَيْرَ مَرْفُوعٍ، يَا حافِظاً غَيْرَ مَحْفُوظٍ، يَا ناصِراً

اے وہ زبردست جو کسی کے زیر نگیں نہیں اے وہ بلند جسے کسی نے بلند نہیں کیا اے وہ نگہبان جسکا کوئی نگہبان نہیں اے وہ مددگار

غَيْرَ مَنْصُورٍ يَا شاهِداً غَيْرَ غائِبٍ يَا قَرِيباً غَيْرَ بَعِيدٍ ﴿۴٧﴾ يَا نُورَ النُّورِ، يَا مُنَوِّرَ النُّورِ،

جسکا کوئی مددگار نہیں اے وہ حاضر جو کہیں بھی غائب نہیں اے وہ قریب جو کبھی دور نہیں ہوا۔ اے نور کی روشنی اے نور روشن کرنے والے

يَا خالِقَ النُّورِ يَا مُدَبِّرَ النُّورِ، يَا مُقَدِّرَ النُّورِ، يَا نُورَ كُلِّ نُورٍ، يَا نُوراً قَبْلَ كُلِّ نُورٍ، يَا نُوراً

اے نور پیدا کرنے والے اے نور کا بندوبست کرنے والے اے نور کی اندازہ گیری کرنے والے اے نور کی روشنی اے ہر نور سے اولین نور

بَعْدَ كُلِّ نُورٍ يَا نُوراً فَوْقَ كُلِّ نُورٍ يَا نُوراً لَيْسَ كَمِثْلِهِ نُورٌ ﴿۴٨﴾ يَا مَنْ عَطاؤُهُ شَرِيفٌ

اے ہر نور کے بعد روشن رہنے والے اے ہرنور سے بالاتر نور اے وہ نور جسکی مثل کوئی نور نہیں۔ اے وہ جسکی عطا بلند تر ہے

يَا مَنْ فِعْلُهُ لَطِيفٌ يَا مَنْ لُطْفُهُ مُقِيمٌ يَا مَنْ إِحْسانُهُ قَدِيمٌ يَا مَنْ قَوْلُهُ حَقٌّ يَا مَنْ وَعْدُهُ صِدْقٌ

اے وہ جسکا فعل باریک تر ہے اے وہ جسکا لطف پائندہ ہے اے وہ جسکا احسان قدیم ہے اے وہ جسکا قول حق ہے اے وہ جسکا وعدہ سچا ہے

يَا مَنْ عَفْوُهُ فَضْلٌ، يَا مَنْ عَذابُهُ عَدْلٌ، يَا مَنْ ذِكْرُهُ حُلْوٌ، يَا مَنْ فَضْلُهُ عَمِيمٌ . ﴿۴٩﴾

اے وہ جسکی عفو میں احسان ہے اے وہ جسکے عذاب میں عدل ہے اے وہ جسکا ذکر شیریں ہے اے وہ جسکا احسان عام ہے۔ اے معبود میں تجھ

اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُسَهِّلُ، يَا مُفَصِّلُ، يَا مُبَدِّلُ، يَا مُذَلِّلُ، يَا مُنَزِّلُ، يَا مُنَوِّلُ، يَا

سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے ہموار کرنے والے اے جدا کرنے والے اے تبدیل کرنے والے اے پست کرنیوالے اے

مُفْضِلُ، يَا مُجْزِلُ، يَا مُمْهِلُ، يَا مُجْمِلُ ﴿۵٠﴾ يَا مَنْ يَرى وَلا يُرى، يَا مَنْ يَخْلُقُ وَلا يُخْلَقُ، يَا

اتارنے والے اے عطا کرنے والے اے نعمت دینے والے اے احسان کرنیوالے اے مہلت دینے والے اے نیکوکار۔ اے وہ جو دیکھتا ہے خود نظر نہیں

مَنْ يَهْدِى وَلا يُهْدى، يَا مَنْ يُحْيِى وَلا يُحْيى، يَا مَنْ يَسْأَلُ وَلا يُسْأَلُ، يَا مَنْ يُطْعِمُ وَلا يُطْعَمُ،

آتا اے وہ جو خلق کرتا ہے اور خلق نہیں ہوا اے وہ جو ہدایت دیتا ہے اور ہدایت طلب نہیں کرتا اے وہ جو زندہ کرتا ہیاور زندہ نہیں کیا گیا اے وہ جو مسئول

يَـا مَـنْ يُـجِيـرُ وَلاَ يُـجارُ عَلَيْهِ، يَامَنْ يَقْضِي وَلاَ يُقْضى عَلَيْهِ، يَا مَنْ يَحْكُمُ وَلاَ يُحْكَمُ عَلَيْهِ،يَا

ہے اور سائل نہیں اے وہ جو کھلاتا ہے اور کھاتا نہیں اے وہ جو پناہ دیتا ہے اور محتاجِ پناہ نہیں ہے اے وہ جو فیصلے کرتا ہے اور طالبِ فیصلہ نہیں ہے اے

مَـنْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً أَحَدٌ. ﴿۵۱﴾ يَا نِعْمَ الْحَسِيبُ، يَا نِعْمَ الطَّبِيبُ،يَا نِعْمَ

وہ جو حکم دیتا ہے اور اس پر کسی کا حکم نہیں اے وہ جسکا کوئی بیٹا نہیں نہ وہ کسی کا بیٹا ہیا ورنہ کوئی اسکا ہمسر ہے۔اے بہترین حساب کرنے والے اے بہترین

الـرَّقِيـبُ،يَا نِعْمَ الْقَرِيبُ يَا نِعْمَ الْمُجِيبُ، يَا نِعْمَ الْحَبِيبُ، يَا نِعْمَ الْكَفِيلُ، يَا نِعْمَ الْوَكِيلُ، يَا نِعْمَ

چارہ گر اے بہترین نگہبان اے بہترین قریب اے بہترین دعا قبول کرنے والے اے وہ جو بہترین محبوب ہے اے وہ جو بہترین سر پرست ہے اے وہ

الْـمَـوْلىٰ،يَا نِعْمَ النَّصِيرُ﴿۵۲﴾ يَا سُرُورَ الْعارِفِينَ يَا مُنَى الْمُحِبِّينَ يَا أَنِيسَ الْمُرِيدِينَ، يَا حَبِيبَ

جو بہترین کارساز ہے اے بہترین آقا اے بہترین یاور۔اے عارفوں کی شادمانی اے حب داروں کی تمنا اے ارادت مندوں کے ہمدم اے توبہ کرنے

التَّـوَّابِيـنَ، يَا رازِقَ الْمُقِلِّينَ، يَا رَجاءَ الْمُذْنِبِينَ، يَا قُرَّةَ عَيْنِ الْعابِدِينَ ، يَا مُنَفِّساً عَنِ الْمَكْرُوبِينَ،

والوں کے محبوب اے بے مایہ لوگوں کے رازق اے گناہگاروں کی آس اے عبادت کرنے والوں کی آنکھوں کی ڈھنڈک اے دکھیاروں کے دکھ دور کرنے

يَا مُفَرِّجاً عَنِ الْمَغْمُومِينَ، يَا إِلهَ الْاَوَّلِينَ وَالاَخِرِينَ﴿۵۳﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَ لُكَ بِاسْمِكَ يَا رَبَّنا،

والے اے غمزدوں کا غم مٹانے والے اے اولین وآخرین کے معبود۔اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہی نام کے واسطے سے اے ہمارے رب

يَا إِلٰهَنا،يَا سَيِّدَنـا، يَا مَوْلانا، يَا ناصِرَنا، يَا حافِظَنا، يَا دَلِيلَنا، يَا مُعِينَنا، يَا حَبِيبَنا، يَا طَبِيبَنا﴿۵۴﴾

اے ہمارے معبود اے ہمارے سردار اے ہمارے آقا اے ہمارے یاور اے ہمارے محافظ اے ہمارے رہنما اے ہمارے مددگار اے

يَـا رَبَّ الـنَّبِيِّيـنَ وَ الْاَبْـرارِ، يَا رَبَّ الصِّدِّيقِينَ وَالْاَخْيارِ، يَا رَبَّ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، يَا رَبَّ الصِّغارِ

ہمارے محبوب اے ہمارے چارہ گر۔ اے انبیاء و صالحین کے پروردگار اے صدیقوں اورنیک لوگوں کے پروردگار اے

وَالْـكِبـارِ،يَا رَبَّ الْحُبُوبِ وَالثِّمارِ، يَا رَبَّ الْاَ نْهارِ وَالْاَشْجارِ، يَا رَبَّ الصَّحارِي وَالْقِفارِ، يَا رَبَّ

جنت و دوزخ کے مالک اے چھوٹے بڑے کے رب اے دانہ وثمر کے پروان چڑھانے والے اے دریاؤں اور درختوں کے مالک اے صحراؤں اور

الْبَـرارِي وَالْبِـحارِ، يَا رَبَّ اللَّيْلِ وَالنَّهارِ، يَا رَبَّ الْاِعْلانِ وَالْاِسْرارِ﴿۵۵﴾ يَا مَنْ نَفَذَ فِي كُلِّ

بستیوں کے مالک اے صحراؤں اور سمندروں کے مالک اے دن اور رات کے مالک اے کھلی

شَـيْءٍ أَمْـرُهُ، يَا مَنْ لَحِقَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمُهُ، يَا مَنْ بَلَغَتْ إِلى كُلِّ شَيْءٍ قُدْرَتُهُ، يَا مَنْ لاَيُحْصِي

اور چھپی باتوں کے مالک۔اے وہ جسکا حکم ہر چیز پر نافذ ہے اے وہ جسکا علم ہر چیز پر حاوی ہے اے وہ جسکی قدرت ہر چیز تک پہنچی ہوئی ہے اے وہ جسکی

الْـعِبـادُ نِـعَمَهُ، يَا مَنْ لاَ تَبْلُغُ الْخَلائِقُ شُكْرَهُ، يَا مَنْ لاَتُدْرِكُ الْاَفْهامُ جَلالَهُ، يَا مَنْ لاَ تَنالُ الْاَوْهامُ

نعمتوں کو بندے گن نہیں سکتے اے وہ کہ مخلوقات جسکاشکریہ ادا نہیں کر سکتیں اے وہ کہ جسکی جلالت سمجھ میں نہیں

urdu.duas.org

كُنْهَهُ، يَا مَنِ الْعَظَمَةُ وَالْكِبْرِيَاءُ رِداؤُهُ، يَا مَنْ لاَ يَرُدُّ الْعِبادُ قَضائَهُ، يَا مَنْ لاَ مُلْكَ إِلَّا مُلْكُهُ،

آ سکتی اے وہ کہ جسکی حقیقت کو وہم پا نہیں سکتے اے وہ کہ بزرگی اور بڑائی جسکا لباس ہے اے وہ جسکی قضا کو بندے ٹال نہیں سکتے اے وہ جسکے سوا کسی کی

يَا مَنْ لاَ عَطاءَ إِلَّا عَطاؤُهُ﴿٥٦﴾ يَا مَنْ لَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلى، يَا مَنْ لَهُ الصِّفاتُ الْعُلْيا، يَا مَنْ لَهُ

حکومت نہیں اے وہ جسکی عطا کے سوا کوئی عطا نہیں۔ اے وہ جسکے لئے اعلیٰ نمونہ ہے اے وہ جسکے لیے

الاٰخِرَةُ وَالْاُولى، يَا مَنْ لَهُ جَنَّةُ الْمَأْوى، يَا مَنْ لَهُ الْآياتُ الْكُبْرى، يَا مَنْ لَهُ الْاَسْماءُ الْحُسْنى، يَا

بلند صفات ہیں اے وہ دنیا و آخرت جسکی ملکیت ہیں اے وہ جو جنت الماویٰ کا مالک ہے اے وہ جسکی نشانیاں عظیم ہیں اے وہ جسکے نام پسندیدہ ہیں اے

مَنْ لَهُ الْحُكْمُ وَالْقَضاءُ، يَا مَنْ لَهُ الْهَواءُ وَالْفَضاءُ، يَا مَنْ لَهُ الْعَرْشُ وَالثَّرى، يَا مَنْ لَهُ السَّماوَاتُ

وہ جو حکم و فیصلے کا مالک ہے اے وہ کہ ہوا و فضا جسکی ملک ہیں اے وہ جو عرش و فرش کا مالک ہے اے وہ جو بلند آسمانوں کا مالک ہے۔ اے معبود میں

الْعُلى﴿٥٧﴾اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا عَفُوُّ، يَا غَفُورُ، يَا صَبُورُ، يَا شَكُورُ، يَا رَؤُوفُ، يَا

تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے معاف دینے والے اے بخشنے والے اے بہت صبر والے اے بہت شکر والے اے مہربان اے

عَطُوفُ، يَا مَسْؤُولُ، يَا وَدُودُ، يَا سُبُّوحُ، يَا قُدُّوسُ . ﴿٥٨﴾ يَا مَنْ فِي السَّماءِ عَظَمَتُهُ، يَا

نرم خو اے مسئول اے محبت والے اے پاک تر اے پاکیزہ۔ اے وہ کہ آسمان میں جسکی بڑائی ہے اے وہ کہ زمین میں

مَنْ فِي الْاَرْضِ آياتُهُ، يَا مَنْ فِي كُلِّ شَيْءٍ دَلائِلُهُ، يَا مَنْ فِي الْبِحارِ عَجائِبُهُ، يَا مَنْ فِي الْجِبالِ

جسکی نشانیاں ہیں اے وہ ہر چیز میں جسکی دلیلیں ہیں اے وہ کہ سمندروں میں جسکی انوکھی چیزیں ہیں اے وہ پہاڑوں میں جسکے خزانے ہیں اے وہ جس نے

خَزائِنُهُ، يَا مَنْ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ، يَا مَنْ إِلَيْهِ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهُ، يَا مَنْ أَظْهَرَ فِي كُلِّ شَيْءٍ

خلق کو ظاہر کیا پھر جاری رکھا اے وہ جسکی طرف ہر امر کی بازگشت ہے اے وہ جسکا لطف

لُطْفَهُ، يَا مَنْ أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ، يَا مَنْ تَصَرَّفَ فِي الْخَلائِقِ قُدْرَتُهُ﴿٥٩﴾ يَا حَبِيبَ مَنْ

ہر چیز میں عیاں ہے اے وہ جس نے ہر چیز کو خوبی سے خلق کیا اے وہ جسکی قدرت مخلوقات میں اثر اندازی کر رہی ہے۔ اے اسکے ساتھی جسکا کوئی ساتھی نہیں

لاَ حَبِيبَ لَهُ،يَا طَبِيبَ مَنْ لاَ طَبِيبَ لَهُ، يَا مُجِيبَ مَنْ لاَ مُجِيبَ لَهُ، يَا شَفِيقَ مَنْ لاَ شَفِيقَ لَهُ، يَا

اے اسکے چارہ گر جسکا کوئی چارہ گر نہیں اے اسکی دعا قبول کرنے والے جسکی کوئی قبول کرنے والا نہیں اے اسکے مہربان جس پر کوئی مہربان نہیں اے اسکے

رَفِيقَ مَنْ لاَ رَفِيقَ لَهُ، يَا مُغِيثَ مَنْ لاَ مُغِيثَ لَهُ، يَا دَلِيلَ مَنْ لاَ دَلِيلَ لَهُ، يَا أَنِيسَ مَنْ لاَ أَنِيسَ لَهُ،

ہمراہی جس کا کوئی ہمراہی نہیں اے اسکے فریاد رس جسکا کوئی فریاد رس نہیں اے اسکے رہنما جسکا کوئی رہنما نہیں اے اسکے ہمدم جسکا کوئی ہمدم نہیں اے اس

يَا راحِمَ مَنْ لاَ راحِمَ لَهُ، يَا صاحِبَ مَنْ لاَ صاحِبَ لَهُ﴿٦٠﴾ يَا كافِيَ مَنِ اسْتَكْفاهُ، يَا هادِيَ

پر رحم کرنے والے جس پر رحم کرنے والا کوئی نہیں اے اسکے ساتھی جسکا کوئی ساتھی نہیں۔ اے طالبِ کفایت کی کفایت کرنے والے اے ہدایت طلب کی

urdu.duas.org

مَنِ اسْتَهْداهُ، يا كالِيَ مَنِ اسْتَكْلاهُ، يا راعِيَ مَنِ اسْتَرْعاهُ، يا شافِيَ مَنِ اسْتَشْفاهُ، يا قاضِيَ
ہدایت کرنے والے اے نگہبانی چاہنے والے کے نگہبان اے حفاظت چاہنے والے کی حفاظت کرنے والے اے شفا مانگنے والے کو شفا دینے والے

مَنِ اسْتَقْضاهُ، يا مُغْنِيَ مَنِ اسْتَغْناهُ، يا مُوفِيَ مَنِ اسْتَوْفاهُ ،يا مُقَوِّيَ مَنِ اسْتَقْواهُ، يا وَلِيَّ مَنِ اسْتَوْلاهُ
اے فیصلہ چاہنے والے کا فیصلہ کرنے والے اے ثروت خواہ کو ثروت دینے والے اے وفا طلب سے وفا کرنے والے اے قوتکے طالب کو قوت عطا کرنے

﴿٦١﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يا خالِقُ، يا رازِقُ، يا ناطِقُ، يا صادِقُ، يا فالِقُ، يا
والے اے طالب سرپرستی کی سرپرستی کرنے والے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہی نام کے واسطے سے اے خلق کرنے والے اے رزق

فارِقُ، يا فاتِقُ، يا راتِقُ، يا سابِقُ، يا سامِقُ . ﴿٦٢﴾ يا مَنْ يُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهارَ، يا مَنْ جَعَلَ
دینے والے اے بولنے والے اے صدق والے اے شگافتہ کرنے والے اے جدا کرنے والے اے توڑنے والے اے جوڑنے والے اے سب سے پہلے

الظُّلُماتِ وَالْاَنْوارَ، يا مَنْ خَلَقَ الظِّلَّ وَالْحَرُورَ، يا مَنْ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ، يا مَنْ قَدَّرَ
اے بلندی والے۔ اے رات اور دن کو پلٹانے والے اے روشنیوں اور تاریکیوں کے پیدا کرنے والے اے وہ جس نے سایہ اور دھوپ کو پیدا کیا اے وہ

الْخَيْرَ وَالشَّرَّ، يا مَنْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَياةَ، يا مَنْ لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ، يا مَنْ لَمْ يَتَّخِذْ صاحِبَةً
جسنے سورج اور چاند کو پابند کیا اے وہ جس نے نیکی و بدی کا اندازہ ٹھہرایا اے وہ جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا اے وہ جسکے ہاتھ میں خلق و امر ہے اے وہ

وَلا وَلَداً، يا مَنْ لَيْسَ لَهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ، يا مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ ﴿٦٣﴾ يا مَنْ
جسکی نہ کوئی زوجہ اور نہ فرزند ہے اے وہ جسکی حکومت میں کوئی شریک نہیں اے وہ جو عاجز نہیں کہ اسکا کوئی مددگار ہو۔ اے وہ جو ارادہ

يَعْلَمُ مُرادَ الْمُرِيدِينَ، يا مَنْ يَعْلَمُ ضَمِيرَ الصَّامِتِينَ، يا مَنْ يَسْمَعُ أَنِينَ الْواهِنِينَ، يا مَنْ يَرى بُكاءَ
کرنے والوں کی مراد کو جانتا ہے اے وہ جو خاموش لوگوں کے دل کی باتیں جانتا ہے اے وہ جو کمزوروں کی زاری کو سنتا ہے اے وہ جو ڈرنے والے لوگوں

الْخائِفِينَ، يا مَنْ يَمْلِكُ حَوائِجَ السَّائِلِينَ، يا مَنْ يَقْبَلُ عُذْرَ التَّائِبِينَ، يا مَنْ لا يُصْلِحُ عَمَلَ
کا رونا دیکھ لیتا ہے اے وہ جو سائلین کی حاجتوں کا مالک ہے اے وہ جو توبہ کرنے والوں کا عذر قبول کرتا ہے اے وہ جو فسادیوں کے عمل کو اچھا نہیں سمجھتا اے وہ جو نیکوکاروں

الْمُفْسِدِينَ، يا مَنْ لا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ، يا مَنْ لا يَبْعُدُ عَنْ قُلُوبِ الْعارِفِينَ، يا أَجْوَدَ
کے اجر کو ضائع نہیں کرتا اے وہ جو عارفوں کے دلوں سے دور نہیں رہتا اے سب داتاؤں سے بڑے داتا اے ہمیشہ باقی رہنے والے اے دعا کے سننے والے اے

الْاَجْوَدِينَ ﴿٦٤﴾ يا دائِمَ الْبَقاءِ، يا سامِعَ الدُّعاءِ، يا واسِعَ الْعَطاءِ، يا غافِرَ الْخَطاءِ، يا بَدِيعَ
بہت زیادہ عطا کرنے والے اے خطا کے بخشنے والے اے آسمان کے بنانے والے اے بہترین آزمائش کرنے والے اے بھلی تعریف والے اے قدیمی بلندی

السَّماءِ، يا حَسَنَ الْبَلاءِ، يا جَمِيلَ الثَّناءِ، يا قَدِيمَ السَّناءِ، يا كَثِيرَ الْوَفاءِ، يا شَرِيفَ الْجَزاءِ ﴿٦٥﴾
والے اے بہت وفاداری کرنے والے اے بہترین جزا دینے والے اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے پردہ پوش اے

urdu.duas.org

اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ یَا سَتَّارُ، یَا غَفَّارُ، یَا قَهَّارُ، یَا جَبَّارُ، یَا صَبَّارُ، یَا بارُّ، یَا مُخْتارُ،

بخشنے والے غلبہ والے اے زور والے اے بہت صبر والے اے نیکی والے اے اختیار والے اے کھولنے والے اے نفع دینے والے اے شاداں۔ اے وہ

یَا فَتَّاحُ، یَا نَفَّاحُ، یَا مُرْتاحُ ﴿۶۶﴾ یَا مَنْ خَلَقَنِی وَسَوَّانِی، یَا مَنْ رَزَقَنِی وَرَبَّانِی، یَا مَنْ أَطْعَمَنِی

جس نے مجھے پیدا کیا اور سنوارا اے وہ جس نے مجھے رزق دیا اور پالا اے وہ جس نے مجھے طعام دیا اور سیراب کیا اے وہ جس نے مجھے قریب کیا اور قربت

وَسَقانِی، یَا مَنْ قَرَّبَنِی وَأَدْنانِی ، یَا مَنْ عَصَمَنِی وَکَفانِی، یَا مَنْ حَفِظَنِی وَکَلانِی، یَا مَنْ أَعَزَّنِی

عطا کیا اے وہ جس نے میری نگہداشت کی اور کفالت کی اے وہ جس نے میری حفاظت کی اور حمایت کی اے وہ جس نے مجھے عزت دیا اور دولتمند بنایا اے

وَأَغْنانِی، یَا مَنْ وَفَّقَنِی وَهَدانِی، یَا مَنْ آنَسَنِی وَآوانِی، یَا مَنْ أَماتَنِی وَأَحْیانِی . ﴿۶۷﴾ یَا مَنْ

وہ جس نے میری مدد کی اور ہدایت عطا کی اے وہ جس نے مجھ سے انس کیا اور پناہ دی اے وہ جس نے مجھے موت دی اور زندہ کیا۔ اے وہ جو اپنے کلام

یُحِقُّ الْحَقَّ بِکَلِماتِهِ، یَا مَنْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبادِهِ، یَا مَنْ یَحُولُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ، یَا مَنْ لاَ تَنْفَعُ

سے حق کو ثابت کرتا ہے اے وہ جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اے وہ جو انسان اور اسکے دل کے درمیان حائل ہوتا ہے اے وہ جسکے اذن کے بغیر

الشَّفاعَةُ إِلاَّ بِإِذْنِهِ، یَا مَنْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیلِهِ، یَا مَنْ لاَ مُعَقِّبَ لِحُکْمِهِ، یَا مَنْ لاَ رادَّ

شفاعت کچھ نفع نہیں پہنچاتی اے وہ جو راہ سے بھٹکے ہوئے لوگوں کو خوب جانتا ہے اے وہ جسکے حکم کو کوئی ہرگز نہیں ٹال سکتا اے وہ جسکے فیصلے کو کوئی پلٹا نہیں سکتا

لِقَضائِهِ، یَا مَنِ انْقادَ کُلُّ شَیْءٍ لاَِمْرِهِ یَا مَنِ السَّماواتُ مَطْوِیَّاتٌ بِیَمِینِهِ، یَا مَنْ یُرْسِلُ الرِّیاحَ

اے وہ جسکے امر کے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے اے وہ جسکی قدرت سے آسمان باہم لپٹے ہوئے ہیں اے وہ جو اپنی رحمت سے ہواؤں کی خوشخبری دے کر

بُشْراً بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهِ ﴿۶۸﴾ یَا مَنْ جَعَلَ الْاَرْضَ مِهاداً، یَا مَنْ جَعَلَ الْجِبالَ أَوْتاداً، یَا مَنْ

بھیجتا ہے۔ اے وہ جس نے زمین کو فرش بنایا اے وہ جس نے پہاڑوں کو میخیں بنایا اے وہ جس نے سورج کو چراغ بنایا

جَعَلَ الشَّمْسَ سِراجاً، یَا مَنْ جَعَلَ الْقَمَرَ نُوراً، یَا مَنْ جَعَلَ اللَّیْلَ لِباساً، یَا مَنْ جَعَلَ النَّهارَ

اے وہ جس نے چاند کو روشن کیا اے وہ جس نے رات کو پردہ پوشی کے لیے بنایا اے وہ جس نے دن کو کام کاج کا وقت ٹھہرایا اے

مَعاشاً، یَا مَنْ جَعَلَ النَّوْمَ سُباتاً یَا مَنْ جَعَلَ السَّماءَ بِناءً، یَا مَنْ جَعَلَ الْأَشْیاءَ أَزْواجاً، یَا مَنْ جَعَلَ

وہ جس نے نیند کو ذریعہ راحت بنایا اے وہ جس نے آسمان کا شامیانہ لگایا اے وہ جس نے چیزوں میں جوڑے مقرر کیے اے وہ جس نے آتش دوزخ کو

النَّارَ مِرْصاداً ﴿۶۹﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ یَا سَمِیعُ، یَا شَفِیعُ، یَا رَفِیعُ، یَا مَنِیعُ، یَا

کمین گاہ بنایا۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے سننے والے اے شفاعت والے اے بلندی والے

سَرِیعُ، یَا بَدِیعُ، یَا کَبِیرُ، یَا قَدِیرُ، یَا خَبِیرُ، یَا مُجِیرُ ﴿۷۰﴾ یَا حَیّاً قَبْلَ کُلِّ حَیٍّ، یَا حَیّاً بَعْدَ

اے محفوظ اے جلدی کرنے والے اے ابتدا کرنے والے اے بڑائی والے اے قدرت والے اے خبر والے اے پناہ دینے والے۔ اے ہر زندہ سے

كُلِّ حَيٍّ، يَا حَيُّ الَّذِى لَيْسَ كَمِثْلِهِ حَيٌّ، يَا حَيُّ الَّذِى لاَ يُشارِكُهُ حَيٌّ، يَا حَيُّ الَّذِى لاَ يَحْتاجُ
پہلے زندہ ہوا ہے ہر زندہ کے بعد زندہ اے وہ زندہ جسکی مثل کوئی اور زندہ نہیں اے وہ زندہ جسکا کوئی زندہ شریک نہیں اے وہ زندہ جو کسی زندہ کا
إِلى حَيٍّ، يَا حَيُّ الَّذِى يُمِيتُ كُلَّ حَيٍّ، يَا حَيُّ الَّذِى يَرْزُقُ كُلَّ حَيٍّ، يَا حَيّاً لَمْ يَرِثِ الْحَياةَ
محتاج نہیں اے وہ زندہ جو سب زندوں کو موت دیتا ہے اے وہ زندہ جو سب زندوں کو رزق دیتا ہے اے وہ زندہ جس نے
مِنْ حَيٍّ، يَا حَيُّ الَّذِى يُحْيِى الْمَوْتىٰ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ لاَ تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلاَ نَوْمٌ ﴿۷۱﴾ يَا مَنْ لَهُ
کسی زندہ سے زندگی نہیں پائی اے وہ زندہ جو زندوں کو موت دیتا ہے اے وہ نگہبان جسے نہ نیند آتی ہے نہ اونگھ۔ اے وہ جسکا ذکر بھلایا نہیں جا سکتا
ذِكْرٌ لاَ يُنْسىٰ يَا مَنْ لَهُ نُورٌ لاَ يُطْفىٰ، يَا مَنْ لَهُ نِعَمٌ لاَ تُعَدُّ، يَا مَنْ لَهُ مُلْكٌ لاَ يَزُولُ، يَا مَنْ لَهُ
اے وہ جسکے نور کو بجھایا نہیں جا سکتا اے وہ جسکی نعمتوں کو شمار نہیں کیا جا سکتا اے وہ جسکی بادشاہی
ثَناءٌ لاَ يُحْصىٰ، يَا مَنْ لَهُ جَلالٌ لاَ يُكَيَّفُ، يَا مَنْ لَهُ كَمالٌ لاَ يُدْرَكُ، يَا مَنْ لَهُ قَضاءٌ لاَ يُرَدُّ،
ختم ہونے والی نہیں اے وہ جسکی تعریف کی کوئی حد نہیں اے وہ جسکے جلال کی کیفیت بے بیان ہے اے وہ جسکے کمال کو سمجھا نہیں
يَا مَنْ لَهُ صِفَاتٌ لاَ تُبَدَّلُ، يَا مَنْ لَهُ نُعُوتٌ لاَ تُغَيَّرُ ﴿۷۲﴾ يَا رَبَّ الْعالَمِينَ، يَا مالِكَ يَوْمِ
جا سکتا اے وہ جسکا فیصلہ ٹالا نہیں جا سکتا اے وہ جسکی صفات میں تبدیلی نہیں آ سکتی اے وہ جسکے وصفوں میں تبدیلی نہیں۔ اے عالمین کے پروردگار اے
الدِّينِ، يَا غايَةَ الطَّالِبِينَ، يَا ظَهْرَ اللاَّجِينَ، يَا مُدْرِكَ الْهارِبِينَ، يَا مَنْ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ، يَا مَنْ
روز جزا کے مالک اے طالبوں کے مقصود اے پناہ لینے والوں کی پناہ گاہ اے بھاگنے والوں کو پالینے والے اے وہ جو صبر والوں کو دوست رکھتا ہے اے وہ
يُحِبُّ التَّوَّابِينَ، يَا مَنْ يُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ، يَا مَنْ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ، يَا مَنْ هُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ
جو توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اے وہ جو پاکیزگی والوں کو پسند کرتا ہے اے وہ جو نیکوکاروں کو پسند کرتا ہے اے وہ جو ہدایت یافتہ لوگوں کو جانتا ہے۔
﴿۷۳﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا شَفِيقُ، يَا رَفِيقُ، يَا حَفِيظُ، يَا مُحِيطُ، يَا مُقِيتُ، يَا
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے مہربان اے ہمدم اے نگہدار اے احاطہ کرنے والے اے رزق دینے والے اے
مُغِيثُ، يَا مُعِزُّ، يَا مُذِلُّ، يَا مُبْدِئُ، يَا مُعِيدُ . ﴿۷۴﴾ يَا مَنْ هُوَ أَحَدٌ بِلا ضِدٍّ، يَا مَنْ هُوَ فَرْدٌ
فریادرس اے عزت دینے والے اے ذلت دینے والے اے پیدا کرنے والے اے لوٹانے والے۔ اے وہ جو ایسا یگانہ ہے جس کا کوئی مقابل نہیں اے
بِلا نِدٍّ، يَا مَنْ هُوَ صَمَدٌ بِلا عَيْبٍ، يَا مَنْ هُوَ وِتْرٌ بِلا كَيْفٍ، يَا مَنْ هُوَ قاضٍ بِلا حَيْفٍ، يَا مَنْ هُوَ
وہ جو ایسا یکتا ہے جسکا شریک نہیں اے وہ جو بے نیاز ہے جس میں کوئی عیب نہیں اے وہ جو ایسا فرد ہے جس میں کوئی کیفیت نہیں اے وہ جسکا فیصلہ خلاف حق
رَبٌّ بِلا وَزِيرٍ، يَا مَنْ هُوَ عَزِيزٌ بِلا ذُلٍّ، يَا مَنْ هُوَ غَنِيٌّ بِلا فَقْرٍ، يَا مَنْ هُوَ مَلِكٌ بِلا عَزْلٍ، يَا
نہیں ہوتا اے وہ رب جسکا کوئی وزیر نہیں ہے اے وہ عزت دار جسے ذلت نہیں اے وہ ثروت مند جو محتاج نہیں اے وہ بادشاہ جسے ہٹایا نہیں جا سکتا اے

urdu.duas.org

مَنْ هُوَ مَوْصُوفٌ بِلا شَبِيهٍ﴿۷۵﴾ يَا مَنْ ذِكْرُهُ شَرَفٌ لِلذَّاكِرِينَ، يَا مَنْ شُكْرُهُ فَوْزٌ لِلشَّاكِرِينَ،
ایسے صفتوں والے جسکی کوئی مثال نہیں۔ اے وہ جسکا ذکر ذاکروں کے لیے وجہ بزرگی ہے اے وہ جسکاشکر شاکروں کے لیے کامیابی ہے اے
يَا مَنْ حَمْدُهُ عِزٌّ لِلْحامِدِينَ، يَا مَنْ طَاعَتُهُ نَجاةٌ لِلْمُطِيعِينَ، يَا مَنْ بابُهُ مَفْتُوحٌ لِلطَّالِبِينَ، يَا مَنْ
وہ جسکی حمد، حمد کرنے والوں کے لیے وجہ عزت ہے اے وہ جسکیفر مانبرداری فرمانبرداروں کے لیے وجہ نجات ہے اے وہ جسکا دروازہ طلبگاروں کے لیے کھلا
سَبِيلُهُ واضِحٌ لِلْمُنِيبِينَ، يَا مَنْ آياتُهُ بُرْهانٌ لِلنَّاظِرِينَ، يَا مَنْ كِتابُهُ تَذْكِرَةٌ لِلْمُتَّقِينَ، يَا مَنْ رِزْقُهُ
رہتا ہے اے وہ جسکا راستہ توبہ کرنے والوں کیلئے ظاہر و واضح ہے اے وہ جسکی نشانیاں دیکھنے والوں کیلئے پختہ دلیل ہیں اے وہ جسکی کتاب پرہیزگاروں
عُمُومٌ لِلطَّائِعِينَ وَالْعاصِينَ، يَا مَنْ رَحْمَتُهُ قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِينَ﴿۷۶﴾ يَا مَنْ تَبارَكَ اسْمُهُ،
کے لیے نصیحت ہے اے وہ جسکا رزق فرمانبرداروں اور نافرمانوں کے لیے یکساں ہے اے وہ جسکی رحمت نیکوکاروں کے نزدیک تر ہے۔ اے وہ جسکا
يَا مَنْ تَعالى جَدُّهُ، يَا مَنْ لاَ إِلهَ غَيْرُهُ، يَا مَنْ جَلَّ ثَناؤُهُ، يَا مَنْ تَقَدَّسَتْ أَسْماؤُهُ، يَا مَنْ يَدُومُ
نام برکت والا ہے اے وہ جسکی شان بلند ہے اے وہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں اے وہ جسکی تعریف روشن ہے اے وہ جسکے نام پاک و پاکیزہ ہیں اے وہ جسکی
بَقاؤُهُ، يَا مَنِ الْعَظَمَةُ بَهاؤُهُ، يَا مَنِ الْكِبْرِياءُ رِداؤُهُ، يَا مَنْ لاَ تُحْصى آلاؤُهُ، يَا مَنْ لاَ تُعَدُّ نَعْماؤُهُ
ذات ہمیشہ رہنے والی ہے اے وہ کہ بزرگی جسکا جلوہ ہے اے وہ کہ بڑائی جسکا لباس ہے اے وہ جسکی نعمتوں کی حد نہیں اے وہ جسکی نعمتوں کا شمار نہیں۔
﴿۷۷﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُعِينُ، يَا أَمِينُ، يَا مُبِينُ، يَا مَتِينُ، يَا مَكِينُ، يَا رَشِيدُ، يَا
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے مددگار اے امانتدار اے آشکار اے سنجیدہ اے قدرت والے اے ہدایت والے اے
حَمِيدُ، يَا مَجِيدُ، يَا شَدِيدُ، يَا شَهِيدُ﴿۷۸﴾ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيدِ، يَا ذَا الْقَوْلِ السَّدِيدِ، يَا ذَا
تعریف والے اے بزرگی والے اے محکم اے گواہ۔ اے عرش عظیم کے مالک اے سچے قول
الْفِعْلِ الرَّشِيدِ، يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيدِ، يَا ذَا الْوَعْدِ وَالْوَعِيدِ، يَا مَنْ هُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ، يَا مَنْ هُوَ
والے اے پختہ تر کام کرنے والے اے سخت گرفت کرنے والے اے وعدہ کرنے اور دھمکی دینے والے اے وہ
فَعَّالٌ لِما يُرِيدُ، يَا مَنْ هُوَ قَرِيبٌ غَيْرُ بَعِيدٍ، يَا مَنْ هُوَ عَلى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ، يَا مَنْ هُوَ لَيْسَ
جو قابل تعریف سرپرست ہے اے وہ جو چاہے کرگزرتا ہے اے وہ جو ایسا قریب ہے کہ دور نہیں ہوتا اے وہ جو ہر چیز کا دیکھنے والا ہے اے وہ جو
بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ﴿۷۹﴾ يَا مَنْ لاَ شَرِيكَ لَهُ وَلاَ وَزِيرَ، يَا مَنْ لاَ شَبِيهَ لَهُ وَلاَ نَظِيرَ، يَا خالِقَ الشَّمْسِ
بندوں پر ہرگز ظلم نہیں کرتا۔ اے وہ جسکا نہ کوئی شریک ہے نہ وزیر اے وہ جسکی نہ کوئی مثل ہے نہ ثانی اے سورج
وَالْقَمَرِ الْمُنِيرِ، يَا مُغْنِيَ الْبائِسِ الْفَقِيرِ، يَا رازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيرِ، يَا راحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيرِ، يَا جابِرَ
اور روشن چاند کے خالق اے نادار و بے نوا کو ثروت دینے والے اے ننھے بچے کو رزق دینے والے اے بڑے بوڑھے پر رحم کرنے والے اے ٹوٹی ہوئی

الْعَظْمِ الْكَسِيرِ، يَا عِصْمَةَ الْخائِفِ الْمُسْتَجِيرِ، يَا مَنْ هُوَ بِعِبادِهِ خَبِيرٌ بَصِيرٌ، يَا مَنْ هُوَ عَلى
ہڈیوں کو جوڑنے والے اے خوفزدہ کو پناہ دینے والے اے وہ جو خود اپنے بندوں کو جانتا اور
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٨٠﴾ يَا ذَا الْجُودِ وَالنِّعَمِ، يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْكَرَمِ، يَا خالِقَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ،
دیکھتا ہے اے وہ جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے نعمتوں والے سخی اے فضل و کرم کرنے والے اے لوح و قلم کے پیدا کرنے والے اے
يَا بارِئَ الذَّرِّ وَالنَّسَمِ، يَا ذَا الْبَأْسِ وَالنِّقَمِ، يَا مُلْهِمَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ، يَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَالْأَلَمِ، يَا
انسانوں اور حشرات کے خلق کرنے والے اے سخت گیر اور بدلہ لینے والے اے عرب و عجم کو الہام کرنے والے اے درد و غم کو دور کرنے والے اے راز و نیت
عَالِمَ السِّرِّ وَالْهِمَمِ، يَا رَبَّ الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ، يَا مَنْ خَلَقَ الْأَشْياءَ مِنَ الْعَدَمِ ﴿٨١﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى
کے جاننے والے اے کعبہ و حرم کے پروردگار اے وہ جس نے چیزوں کو عدم سے پیدا کیا۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے
أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا فاعِلُ، يَا جاعِلُ، يَا قابِلُ، يَا كامِلُ، يَا فاصِلُ، يَا واصِلُ، يَا عادِلُ، يَا غالِبُ،
سے اے کام کرنے والے اے بنانے والے اے قبول کرنے والیاے کامل اے جدا کرنے والے اے ملانے والے اے عدل کرنے والے اے غلبہ
يَا طالِبُ، يَا واهِبُ ﴿٨٢﴾ يَا مَنْ أَنْعَمَ بِطَوْلِهِ، يَا مَنْ أَكْرَمَ بِجُودِهِ، يَا مَنْ جادَ بِلُطْفِهِ، يَا مَنْ
والے اے طلب کرنے والے اے عطا کرنے والے اے وہ جس نے اپنے فضل سے نعمت بخشی اے وہ جو سخاوت میں بلند ہے اے وہ جس نے مہربانی
تَعَزَّزَ بِقُدْرَتِهِ، يَا مَنْ قَدَّرَ بِحِكْمَتِهِ، يَا مَنْ حَكَمَ بِتَدْبِيرِهِ، يَا مَنْ دَبَّرَ بِعِلْمِهِ، يَا مَنْ تَجاوَزَ بِحِلْمِهِ،
سے عطا فرمایا اے وہ جس نے اپنی قدرت سے عزت دی اے وہ جس نے حکمت سے اندازہ ٹھہرایا اے وہ جس نے اپنی رائے سے حکم دیا اے وہ جس نے
يَا مَنْ دَنا فِي عُلُوِّهِ، يَا مَنْ عَلا فِي دُنُوِّهِ ﴿٨٣﴾ يَا مَنْ يَخْلُقُ ما يَشاءُ، يَا مَنْ يَفْعَلُ ما يَشاءُ، يَا
اپنے علم سے نظم قائم کیا اے وہ جو اپنی بردباری سے معاف کرتا ہے اے وہ جو بلند ہوتے ہوئے بھی قریب ہے اے وہ جو نزدیکی میں بھی بلند ہے۔ اے وہ
مَنْ يَهْدِى مَنْ يَشاءُ، يَا مَنْ يُضِلُّ مَنْ يَشاءُ، يَا مَنْ يُعَذِّبُ مَنْ يَشاءُ، يَا مَنْ يَغْفِرُ لِمَنْ يَشاءُ، يَا
کہ جو چاہے پیدا کرتا ہے اے وہ کہ جو چاہے کر گزرتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے گمراہ کرتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے عذاب
مَنْ يُعِزُّ مَنْ يَشاءُ، يَا مَنْ يُذِلُّ مَنْ يَشاءُ، يَا مَنْ يُصَوِّرُ فِي الْأَرْحامِ ما يَشاءُ، يَا مَنْ يَخْتَصُّ
دیتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے بخشتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے عزت دیتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے ذلت دیتا ہے اے وہ کہ شکموں میں جیسی چاہے صورت بناتا ہے اے
بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشاءُ. ﴿٨٤﴾ يَا مَنْ لَمْ يَتَّخِذْ صاحِبَةً وَلا وَلَداً، يَا مَنْ جَعَلَ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْراً،
وہ کہ جسے چاہے اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے۔ اے وہ جس نے نہ بیوی کی اور نہ اولاد والا ہوا اے وہ جس نے ہر چیز کا ایک اندازہ ٹھہرایا اے وہ جس کی
يَا مَنْ لا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهِ أَحَداً، يَا مَنْ جَعَلَ الْمَلائِكَةَ رُسُلاً، يَا مَنْ جَعَلَ فِي السَّماءِ بُرُوجاً،
حکومت میں کوئی حصہ دار نہیں اے وہ جس نے فرشتوں کو قاصد قرار دیا اے وہ جس نے آسمان میں برج ترتیب دیے اے

urdu.duas.org

يَـا مَـنْ جَـعَـلَ الْاَرْضَ قَـراراً، يَـا مَنْ خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَراً، يَا مَنْ جَعَلَ لِكُلِّ شَيْءٍ أَمَداً، يَا مَنْ
وہ جس نے زمین کو رہنے کی جگہ بنایا اے وہ جس نے انسان کو قطرہ آب سے پیدا کیا اے وہ جس نے ہر چیز کی مدت مقرر فرمائی اے

أَحـاطَ بِـكُـلِّ شَيْءٍ عِلْماً، يَا مَنْ أَحْصى كُلَّ شَيْءٍ عَدَداً ﴿٨٥﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ
وہ جسکا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اے وہ جس نے سب چیزوں کا شمار کر رکھا ہے۔اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے

يَـا أَوَّلُ، يَـا آخِرُ، يَا ظاهِرُ، يَا باطِنُ، يَا بَرُّ، يَا حَقُّ، يَا فَرْدُ، يَا وِتْرُ، يَا صَمَدُ، يَا سَرْمَدُ ﴿٨٦﴾
اے اول اے آخر اے ظاہر اے باطن اے نیک اے حق اے یکتا اے یگانہ اے بے نیاز اے دائم۔ اے پہچانے ہوؤں میں بہترین

يَـا خَيْـرَ مَعْرُوفٍ عُرِفَ، يَا أَفْضَلَ مَعْبُودٍ عُبِدَ، يَا أَجَلَّ مَشْكُورٍ شُكِرَ، يَا أَعَزَّ مَذْكُورٍ ذُكِرَ، يَا
پہچانے ہوئے اے بہترین معبود کہ جسکی عبادت کی جائے اے شکر کیے ہوؤں میں بہترین شکر کیے گئے اے ذکر کئے ہوؤں میں بلندتر اے

أَعْـلـى مَـحْمُودٍ حُمِدَ، يَا أَقْدَمَ مَوْجُودٍ طُلِبَ، يَا أَرْفَعَ مَوْصُوفٍ وُصِفَ، يَا أَكْبَرَ مَقْصُودٍ قُصِدَ،
تعریف کیے ہوؤں میں بالاتر اے ہر موجود سے قدیم جو طلب کیا گیا اے ہر موصوف سیاعلٰی جس کی توصیف کی گئی اے ہر مقصود سے بلند کہ جسکا قصد کیا گیا

يَـا أَكْـرَمَ مَسْـؤُولٍ سُئِلَ، يَا أَشْرَفَ مَحْبُوبٍ عُلِمَ ﴿٨٧﴾ يَا حَبِيبَ الْباكِينَ، يَا سَيِّدَ الْمُتَوَكِّلِينَ،
اے ہر سوال شدہ سے باعزت جس سے سوال ہوا اے بہترین محبوب۔ اے رونے والوں کے دوست اے توکل کرنے والوں کے سردار اے

يَـا هـادِيَ الْـمُضِلِّينَ، يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِينَ، يَا أَنِيسَ الذَّاكِرِينَ، يَا مَفْزَعَ الْـمَلْهُوفِينَ، يَا مُنْجِيَ
گمراہوں کو ہدایت دینے والے اے مومنوں کے سرپرست اے یادکرنے والوں کے ہمدم اے دل جلوں کی پناہ گاہ اے سچے لوگوں کو نجات

الـصَّادِقِينَ، يَا أَقْدَرَ الْقادِرِينَ، يَا أَعْلَمَ الْـعـالِمِينَ، يَا إِلٰهَ الْخَلْقِ أَجْمَعِينَ ﴿٨٨﴾ يَا مَنْ عَلا فَقَهَرَ،
دینے والے اے قدرت والوں میں بڑے باقدرت اے علم والوں سے زیادہ علم رکھنے والے اے ساری مخلوق کے معبود۔اے وہ جو بلند اور مسلط ہے

يَـا مَـنْ مَـلَكَ فَقَدَرَ، يَا مَنْ بَطَنَ فَخَبَرَ، يَا مَنْ عُبِدَ فَشَكَرَ، يَا مَنْ عُصِيَ فَغَفَرَ، يَا مَنْ لاَ تَحْوِيهِ
اے وہ جو مالک وتوانا ہے اے وہ جونہاں اور خبردار ہے اے وہ جو معبود ہے تو شاکر بھی ہے اے وہ جسکی معصیت ہو تو بخش دیتا ہے اے وہ جسکو فکر پا نہیں سکتی

الْـفِـكَـرُ، يَا مَنْ لاَ يُدْرِكُهُ بَصَرٌ، يَا مَنْ لاَ يَخْفى عَلَيْهِ أَثَرٌ يَا رازِقَ الْبَشَرِ، يَا مُقَدِّرَ كُلِّ قَدَرٍ ﴿٨٩﴾
اے وہ جسے آنکھ دیکھ نہیں سکتی اے وہ جس پر کوئی نشان مخفی نہیں ہے اے بشر کو روزی دینے والے اے ہر اندازے کے مقرر کرنے والے۔اے معبود میں تجھ

اَلـلّٰهُـمَّ إِنِّـى أَسْـأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا حافِظُ، يَا بارِئُ، يَا ذارِئُ يَا باذِخُ، يَا فارِجُ، يَا فاتِحُ، يَا كاشِفُ،
سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے نگہبان اے پیدا کرنے والے اے ظاہر کرنے والے اے بلندی والے اے کشائش دینے والے اے کھولنے والے

يَـا ضـامِـنُ، يَـا آمِـرُ، يَا ناهِي ﴿٩٠﴾ يَا مَنْ لاَ يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا هُوَ، يَا مَنْ لاَ يَصْرِفُ السُّوءَ إِلَّا
اے نمایاں کرنے والے اے ذمہ دار اے حکم کرنے والے اے روکنے والے۔اے وہ جسکے سوا کوئی بھی غیب نہیں جانتا اے وہ جس کے سوا کوئی دکھ دور نہیں

urdu.duas.org

هُوَ، يَا مَنْ لاَ يَخْلُقُ الْخَلْقَ إِلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يَغْفِرُ الذَّنْبَ إِلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يُتِمُّ النِّعْمَةَ إِلاَّ هُوَ، يَا
کرسکتا اے وہ جسکے سوا کوئی بھی خلق نہیں کرسکتا اے وہ جسکے سوا کوئی گناہ معاف نہیں کرتا اے وہ جسکے سوا کوئی نعمت تمام نہیں کرتا اے وہ جسکے سوا کوئی دلوں کو

مَنْ لاَ يُقَلِّبُ الْقُلُوبَ إِلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ إِلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ إِلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ
نہیں پلٹاتا اے وہ جسکے سوا کوئی کام پورے نہیں کرتا اے وہ جسکے سوا کوئی بارش نہیں برساتا

يَبْسُطُ الرِّزْقَ إِلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يُحْيِي الْمَوْتى إِلاَّ هُوَ ﴿۹۱﴾ يَا مُعِينَ الضُعَفاءِ، يَا صاحِبَ
اے وہ جسکے سوا کوئی روزی نہیں بڑھاتا اے وہ جسکے سوا کوئی مردے زندہ نہیں کرتا۔اے کمزوروں کے مددگار اے مسافروں کے ہمدم

الْغُرَباءِ، يَا ناصِرَ الْاَوْلِياءِ، يَا قاهِرَ الْاَعْداءِ، يَا رافِعَ السَّماءِ، يَا أَنِيسَ الْاَصْفِياءِ، يَا حَبِيبَ
اے دوستوں کی مدد کرنے والے اے دشمنوں پر غلبہ پانے والے اے آسمان کو بلند کرنے والے اے خواص کے ساتھی اے پرہیزگاروں کے

الْاَتْقِياءِ، يَا كَنْزَ الْفُقَراءِ، يَا إِلهَ الْاَغْنِياءِ، يَا أَكْرَمَ الْكُرَماءِ . ﴿۹۲﴾ يَا كافِياً مِنْ كُلِّ شَيْءٍ،
دوست اے بے مایوں کے خزانے اے دولتمندوں کے معبود اے کریموں سے زیادہ کریم۔ اے

يَا قائِماً عَلى كُلِّ شَيْءٍ، يَا مَنْ لاَ يُشْبِهُهُ شَيْءٌ، يَا مَنْ لاَ يَزِيدُ فِي مُلْكِهِ شَيْءٌ، يَا مَنْ لاَ يَخْفى
ہر چیز سے کفایت کرنے والے اے ہر چیز کی نگرانی کرنے والے اے وہ جسکی مثل کوئی چیز نہیں اے وہ جسکی حکومت میں کوئی چیز اضافہ نہیں کرسکتی اے

عَلَيْهِ شَيْءٌ، يَا مَنْ لاَ يَنْقُصُ مِنْ خَزائِنِهِ شَيْءٌ، يَا مَنْ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ، يَا مَنْ لاَ يَعْزُبُ عَنْ
وہ جس سے کوئی چیز مخفی نہیں اے وہ جسکے خزانوں میں کسی شئی سے کمی نہیں آتی اے وہ جسکی مثل کوئی چیز نہیں اے وہ جسکے علم سے کوئی چیز باہر نہیں ہے اے وہ

عِلْمِهِ شَيْءٌ، يَا مَنْ هُوَ خَبِيرٌ بِكُلِّ شَيْءٍ، يَا مَنْ وَسِعَتْ رَحْمَتُهُ كُلَّ شَيْءٍ ﴿۹۳﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي
جو ہر چیز کی خبر رکھتا ہے اے وہ جسکی رحمت ہر چیز تک وسیع ہے۔اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے عزت دینے والے

أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُكْرِمُ، يَا مُطْعِمُ، يَا مُنْعِمُ، يَا مُعْطِي، يَا مُغْنِي، يَا مُقْنِي، يَا مُفْنِي، يَا مُحْيِي،
اے کھانا دینے والے اے نعمت دینے والے اے عطا کرنے والے اے غنی بنانے والے اے ذخیرہ کرنے والے اے فنا کرنے والے اے زندہ کرنے

يَا مُرْضِي، يَا مُنْجِي ﴿۹۴﴾ يَا أَوَّلَ كُلِّ شَيْءٍ وَآخِرَهُ، يَا إِلهَ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ، يَا رَبَّ كُلِّ
والے اے بیاری دینے والے اے نجات دینے والے۔اے ہر چیز سے پہلے اور اسکے بعد اے ہر چیز کے معبود اور اسکے مالک اے ہر چیز کے پروردگار اور اسے بنانے والے

شَيْءٍ وَصانِعَهُ، يَا بارِئَ كُلِّ شَيْءٍ وَخالِقَهُ، يَا قابِضَ كُلِّ شَيْءٍ وَباسِطَهُ، يَا مُبْدِئَ كُلِّ شَيْءٍ
اے ہر چیز کے پیدا کرنے والے اور انداز ہ ٹھہرانے والے اے ہر چیز کو بند کرنے اور کھولنے والے اے ہر چیز کا آغاز کرنے والے اور اسے لوٹانے والے

وَمُعِيدَهُ، يَا مُنْشِئَ كُلِّ شَيْءٍ وَمُقَدِّرَهُ، يَا مُكَوِّنَ كُلِّ شَيْءٍ وَمُحَوِّلَهُ، يَا مُحْيِيَ كُلِّ شَيْءٍ وَمُمِيتَهُ،
اے ہر چیز کو بڑھانے اور اسکا اندازہ کرنے والے اے ہر چیز کو بنانے اور اسے تبدیل کرنے والے اے ہر چیز کو زندہ کرنے اور اسے موت دینے والے

urdu.duas.org

يَا خالِقَ كُلِّ شَيْءٍ وَوارِثَهُ ﴿٩٥﴾ يَا خَيْرَ ذاكِرٍ وَمَذْكُورٍ، يَا خَيْرَ شاكِرٍ وَمَشْكُورٍ، يَا خَيْرَ
اے ہر چیز کے خالق و وارث۔ اے بہترین ذکر کرنے والے اور ذکر کیے ہوئے اے بہترین شکر کرنے والے اور شکر کیے ہوئے اے بہترین حمد کرنے
حامِدٍ وَمَحْمُودٍ، يَا خَيْرَ شاهِدٍ وَمَشْهُودٍ، يَا خَيْرَ داعٍ وَمَدْعُوٍّ، يَا خَيْرَ مُجِيبٍ وَمُجابٍ، يَا خَيْرَ
والے اور حمد کیے ہوئے اے بہترین گواہ اور گواہی دیے ہوئے اے بہترین بلانے والے اور بلائے ہوئے اے بہترین جواب دینے والے اور جواب دیئے
مُؤْنِسٍ وَأَنِيسٍ، يَا خَيْرَ صاحِبٍ وَجَلِيسٍ، يَا خَيْرَ مَقْصُودٍ وَمَطْلُوبٍ، يَا خَيْرَ حَبِيبٍ وَمَحْبُوبٍ
ہوئے اے بہترین انس کرنے والے اور انس کیے ہوئے اے بہترین رفیق اور ہم نشین اور بہترین قصد کیے ہوئے اور طلب کئے گئے اے بہترین دوست
﴿٩٦﴾ يَا مَنْ هُوَ لِمَنْ دَعاهُ مُجِيبٌ، يَا مَنْ هُوَ لِمَنْ أَطاعَهُ حَبِيبٌ، يَا مَنْ هُوَ إِلَى مَنْ أَحَبَّهُ
اوردوست رکھے ہوئے۔ اے وہ جسے پکارا جائے توجواب دیتا ہے اے وہ جسکی اطاعت کی جائے تومحبت کرتا ہے اے
قَرِيبٌ، يَا مَنْ هُوَ بِمَنِ اسْتَحْفَظَهُ رَقِيبٌ، يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَجاهُ كَرِيمٌ، يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ عَصاهُ حَلِيمٌ،
وہ جومحبت کرنے والے کے قریب ہوتا ہے اے وہ جو طالبِ حفاظت کا نگہبان ہے اے وہ جو امیدوار پر کرم کرتا ہے اے وہ جو نافرمان کے ساتھ نرمی کرتا
يَا مَنْ هُوَ فِي عَظَمَتِهِ رَحِيمٌ، يَا مَنْ هُوَ فِي حِكْمَتِهِ عَظِيمٌ، يَا مَنْ هُوَ فِي إِحْسانِهِ قَدِيمٌ، يَا مَنْ
ہے اے وہ جو اپنی بڑائی کے باوجود مہربان ہے اے وہ جو اپنی حکمت میں بلند ہے اے وہ جو قدیم احسان والا ہے اے وہ جو ارادہ رکھنے والے کو جانتا ہے۔
هُوَ بِمَنْ أَرادَهُ عَلِيمٌ ﴿٩٧﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُسَبِّبُ، يَا مُرَغِّبُ، يَا مُقَلِّبُ،
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے سبب بنانے والے اے شوق دلانے والے اے پلٹانے والے اے پیچھا کرنے والے
يَا مُعَقِّبُ، يَا مُرَتِّبُ، يَا مُخَوِّفُ، يَا مُحَذِّرُ، يَا مُذَكِّرُ، يَا مُسَخِّرُ، يَا مُغَيِّرُ ﴿٩٨﴾ يَا مَنْ عِلْمُهُ
اے تربیت کرنے والے اے خوف دلانے والے اے ڈرانے والے اے یاد کرنے والے اے پابند کرنے والے اے بدلنے والے۔ اے وہ جسکا علم
سابِقٌ، يَا مَنْ وَعْدُهُ صادِقٌ، يَا مَنْ لُطْفُهُ ظاهِرٌ، يَا مَنْ أَمْرُهُ غالِبٌ، يَا مَنْ كِتابُهُ مُحْكَمٌ، يَا مَنْ
سبقت رکھتا ہے اے وہ جسکا وعدہ سچا ہے اے وہ جسکا لطف ظاہر ہے اے وہ جسکا حکم غالب ہے اے وہ جسکی کتاب محکم ہے
قَضاؤُهُ كائِنٌ، يَا مَنْ قُرْآنُهُ مَجِيدٌ، يَا مَنْ مُلْكُهُ قَدِيمٌ، يَا مَنْ فَضْلُهُ عَمِيمٌ، يَا مَنْ عَرْشُهُ عَظِيمٌ
اے وہ جسکا فیصلہ نافذ ہے اے وہ جسکا قرآن شان والا ہے اے وہ جسکی حکومت قدیمی ہے اے وہ جسکا فضل عام ہے اے وہ جسکا عرش عظیم ہے۔
﴿٩٩﴾ يَا مَنْ لا يَشْغَلُهُ سَمْعٌ عَنْ سَمْعٍ، يَا مَنْ لا يَمْنَعُهُ فِعْلٌ عَنْ فِعْلٍ، يَا مَنْ لا يُلْهِيهِ قَوْلٌ
اے وہ جسے ایک سماعت دوسری سماعت سے غافل نہیں کرتی اے وہ جس کیلئے ایک فعل دوسرے فعل سے مانع نہیں ہوتا اے وہ جس کیلئے ایک قول دوسرے
عَنْ قَوْلٍ، يَا مَنْ لا يُغَلِّطُهُ سُؤالٌ عَنْ سُؤالٍ، يَا مَنْ لا يَحْجُبُهُ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ، يَا مَنْ لا يُبْرِمُهُ
قول میں خلل نہیں ڈالتا اے وہ جسے ایک سوال دوسرے سوال میں غلطی نہیں کراتا اے وہ جسکے لیے ایک چیز دوسری چیز کے آگے حائل نہیں ہوتی اے وہ

إِلْحاحُ الْمُلِحِّينَ، يَا مَنْ هُوَ غايَةُ مُرادِ الْمُرِيدِينَ، يَا مَنْ هُوَ مُنْتَهى هِمَمِ الْعارِفِينَ، يَا مَنْ هُوَ مُنْتَهى

جسے اصرار کرنے والوں کا اصرار تنگ دل نہیں کرتا اے وہ جو ارادہ کرنے والوں کے ارادے کی انتہا ہے اے وہ جو عارفوں کی امنگوں کا نقطۂ آخر ہے اے وہ

طَلَبِ الطَّالِبِينَ، يَا مَنْ لاَ يَخْفى عَلَيْهِ ذَرَّةٌ فِي الْعالَمِينَ ﴿١٠٠﴾ يَا حَلِيماً لاَ يَعْجَلُ، يَا جَوَاداً

جو طلبگاروں کی طلب کی انتہا ہے اے وہ جسکے لیے سارے جہانوں میں سے ایک ذرہ بھی پوشیدہ نہیں۔ اے وہ بردبار جو جلدی نہیں کرتا اے وہ داتا جو

يَا جَوَاداً لاَ يَبْخَلُ، يَا صادِقاً لاَ يُخْلِفُ، يَا وَهَّاباً لاَ يَمَلُّ، يَا قاهِراً لاَ يُغْلَبُ، يَا عَظِيماً لاَ

ہاتھ نہیں کھینچتا اے وہ صادق جو خلاف ورزی نہیں کرتا اے وہ دینے والا جو تھکتا نہیں اے زبردست جو مغلوب نہیں ہوتا اے

يُوصَفُ، يَا عَدْلاً لاَ يَحِيفُ، يَا غَنِيّاً لاَ يَفْتَقِرُ، يَا كَبِيراً لاَ يَصْغُرُ، يَا حافِظاً لاَ يَغْفُلُ، سُبْحانَكَ

بے بیان عظمت والے اے وہ عادل جو ظالم نہیں اے وہ دولت والے جو کسی کا محتاج نہیں اے وہ بڑا جو چھوٹا نہیں اے وہ نگہبان جو غافل نہیں تو پاک ہے

يَا لاَ إِلهَ إِلَّا أَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ.

اے وہ کہ سوائے تیرے کوئی معبود نہیں اے فریادرس اے فریادرس ہمیں آتش جہنم سے بچالے اے پالنے والے